THE BOOK WAS DRENCHED

UNIVERSAL LIBRARY
OU_222397
UNIVERSAL LIBRARY

۱۳۵۰

محمد حسام الدین جلد ساز
عقب مسجد چوک

خمخانہ

گورسرن لی آزاد توکلی



رائے گورسرن بلی آزاد توکلی

اصناف سخن خمخانۂ آزاد

اصناف سخن	از صفحہ	تا صفحہ	
غزلیات اردو	۱	۶۶	
غزلیات فارسی	۶۷	۱۰۲	
خمسہ جات بر غزلیات حافظ	۱۰۳	۱۱۲	
قصاید فارسی و اردو	۱۱۳	۱۲۴	
سہرے	۱۲۵	۱۳۸	
قطعات تاریخ	۱۳۹	۱۵۶	
قطعات و رباعیات	۱۵۷	۱۶۸	
متفرق نظم	۱۶۹	۱۹۹	محاکات و ظرائف و نظمیں
متفرق پس ماندہ	۲۰۰	۲۰۲	
مثنوی	۲۰۵	۲۰۹	
تواریخ طبع کتاب	۲۰۵	۲۱۲	

غلط نامہ کلیات خمخانۂ آزاد

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۶	۱۱	نالہ فریاد	نالہ و فریاد
۱۸	۱۲	صدق وفا	صدق و وفا
۴۶	۱۴	آز حرماں	آز و حرماں
۴۱	۱۴	جیسا بین	حسا مین
۴۱	۱۱	درخشاں	رخشاں
۷۳	۱۴	گر	کز
۷۸	۴	بہرام	بہرام و
۷۸	؍؍	موشش	مور وشش
۸۰	۳	اگر	وگرا

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۹۶	۷	خشک	خسک
۱۰۹	۵	ازاقلیم	اقلیم
۱۲۰	۱۷		
۱۴۷	۵	x	ہوئی ہے
۱۵۶	۱۱	x	نظام کا
۱۶۴	۷	جی کا	جی کا تھا
۱۷۴	۱۲	شان	نشان
۱۷۶	x	x	نیشن
۱۷۶	۵	نہروں	لہروں
۱۴۱	۶	بن ساس	بن باس
۱۴۱	۹	ف	ہجری
۱۷۸	۷	ف	ہجری
۱۸۷	۱۳	قلبہ راں	
		رعنایاں	راعنائیاں

کتب خمخانۂ آزاد و الخیام و الشمس کے

ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے

براہ کرم ذریعہ وی پی یا ذریعہ ملازم یا تشریف آوری کے ذریعہ حاصل فرمائے جا سکتی ہیں۔

جگناتھ بلی گورسرن بلی آزاد تو کلی چھاپینا شرقی روبرو دروازہ گاڑی کے جعفر علی صاحب

قریب دیوڑھی راجہ شیوراج بہادر دھرم ونت۔ اخراجات بذمہ خریدار

شمس المطابع مشین پریس و قانونی بک ڈپو نظام شاہی روڈ حیدرآباد دکن

خمخانہ

یعنی

مجموعہ کلام آزاد

مشتمل بر

غزلیات اردو و فارسی، قصاید اردو و فارسی، مخمس فارسی، سہرے، قطعات تاریخی
رباعیات و قطعات، متفرق نظمیں، مثنوی

از

جناب گورسرن علی صاحب آزاد توکلی آصفجاہی

باہتمام
خاکسار محمد شمس الدین خاں مالک
شمس المطابع شمس پریس نظام شاہی روڈ حیدرآباد دکن
۱۳۴۸ف
تعداد (۵۰۰)
قیمت عمر

ص ٢٣٣

مقدمہ

(از جناب ہربنس چند صاحب اگزامنر آف اکونٹس کروڑگیری سرکارِ عالی)

آزاد کے کلام پر تبصرہ کرنا میرے لئے چھوٹا منہ بڑی بات ہوگی۔ یہ کام کسی نقادِ سخن اور بلند پایہ شاعر کے تفویض کیا جاتا تو بہتر ہوتا۔ مگر آزاد کے شفقت آمیز اصرار پر میں نے یہ مختصر سی تمہید لکھی ہے۔ غایت میری یہ ہے کہ ناظرین کو آزاد سے متعارف کرایا جائے نہ کہ اُن کے کلام پر کوئی تنقید ہو۔

رائے گوردھرن بلی آزاد توکلی۔ رائے راج بلی صاحب ادیبؔ توکلی کے فرزند رشید اور رائے شام بلی صاحب توکلی کے پوتے ہیں۔ آپ کے جدِ اعلیٰ مہابلی صاحب انورؔ توکلی صاحبِ دیوان اور شاہانِ اودھ کے سیاہہ نویس تھے۔ حضرت خلیل لکھنوی کے تلامذۂ ارشد میں آپ کا شمار کیا جاتا تھا۔ آزاد کے بزرگوں کا اصلی وطن دہلی تھا۔ مگر رفتارِ زمانہ کی وجہ سے یہ خاندان اولاً لکھنؤ اور ۱۸۵۷ء کے غدر کے بعد حیدرآباد میں منتقل ہوا۔ اس خاندان کا راجہ شیوراج دھرمونت آنجہانی کے خاندان سے خاص و گہرا تعلق ہے۔ آزاد صاحب راجہ شیوراج دھرمونت آنجہانی کے حقیقی بھانجے ہیں۔ سنہ ۱۳۲۰ ہجری میں آزاد کا جنم ہوا۔ فارسی، ہندی، سنسکرت اور انگریزی کی

ابتدائی تعلیم آغوشِ پدری میں حاصل کی۔ چونکہ بچپن ہی سے آزاد بلا کے ذہین واقع ہوئے تھے لہذا لکھنؤ۔ دہلی اور خاص دکن کے قابل ترین اساتذہ آپ کے اعلیٰ تعلیم کے لئے مقرر کئے گئے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۴ برس کی عمر میں فارسی کی منتہی کتابیں ختم کر دی گئیں اس کے بعد انگریزی تعلیم کے لئے مدرسہ دبیر مونت اور مدرسہ عالیہ میں آپ شریک کئے گئے مگر افسوس ہے کہ کمسنی میں سایہ پدری اُٹھ جانے سے آپ کو انگریزی تعلیم کا سلسلہ منقطع کرنا پڑا۔ بقول کسی کے کہ شاعر پیدا ہوتا ہے بنایا نہیں جاتا۔ خاندان شعرا کے یہ نونہال ایام طفولیت میں ہی میدان فن شعر گوئی میں چوگان بازی کرنے لگے۔ ابتداً ڈاکٹر رائے کرپا شنکر صاحب حشم کا تلمذ آپ کو نصیب ہوا جو ایک بلند پایہ شاعر اور صاحب دیوان تھے۔ افسوس ہے کہ آزاد کا ابتدائی کلام اُن کے گھر کا ایک حجرہ گر جانے سے تلف ہو گیا ورنہ آزاد کے فن شعر گوئی کے تدریجی ارتقا کا مطالعہ باعث دلچسپی ہوتا آزاد نے ہر صنف سخن میں طبع آزمائی کی ہے ایک مثنوی اور منتخب رباعیات عمر خیام کا اردو نظم میں ترجمہ شائع ہو چکا ہے۔ آزاد شاعر بھی ہیں اور فلسفی بھی۔ نام کے آزاد نہیں بلکہ خیالات اور بلند پروازیوں میں بھی آزاد ہیں۔ تغزل کے سنگلاخ زمین میں ہندو فلسفہ کے نکات کا بیان کرنا انہی کا حق ہے۔ جہاں گل و بلبل کی داستانیں بیان کی گئی ہیں وہاں وحدانیت کے ادق مسائل پر روشنی ڈالنا آسان کام نہیں۔ غرضکہ

آزاد کا کلام ہر نوعیت سے لائق داد و قابل قدر ہے۔

آزاد نے اپنے استاد حضرت مولنا محمد ضامن صاحب کنتوری جو آسمان ادب اُردو کے نیر درخشاں ہیں و نیز دیگر احباب کے اصرار پر اپنے اس کلام کو طبع کرایا ہے۔ اور مجھے اس کی کامل توقع ہے کہ نقادان سخن سے ہر زمانے میں یہ خراج تحسین حاصل کرتا رہے گا۔ فقط

ہربنس چند

ریویو

(از جناب مولنا مولوی محمد ضامن صاحب کنتوری دام فیوضہ)

آزاد آزاد ہے آزاد کا کلام آزادوں کے دل کی آواز ہے عارض نہیں خال نہیں گیسو نہیں کاکل نہیں لفظی گورکھ دہندہ نہیں بیان کا اینچ پیچ نہیں حقایق کا گنجینہ ہے تعلیم وحدت کا آئینہ ہے تعلیم قرآن کی ہو یا گیتا کی۔ انجیل کی ہو کہ زبور کی راہیں الگ الگ ہیں منزل ایک ہے مقصد سب کا خداشناسی اور معرفت ذات ہے، آزاد کا دل باہمہ آزادی عشق ذات کا پابند ہے اور ان کے کلام میں اسی عشق کی جھلک نمایاں ہے۔ پڑھنے والے پڑھیں گے سمجھنے والے سمجھیں گے میں اس سے زیادہ کیا کہہ سکتا ہوں ؎

دولتِ دارین در کامِ تو باد
از تو روشن بادِ نامِ اوستاد

خاکسار

ضامن کنتوری

عرض حال

قارئین کرام!

حقیقی معنوں میں میں کوئی شاعر نہیں، عروض داں نہیں اور نہ میں نے شاعری کے لئے اپنی زندگی وقف کی۔ ہاں فطرتاً عہد طفولیت سے طبیعت موزوں پائی ہے فن شعر کا طبیعت سے لگاؤ ہے کبھی کبھار ابتدا سے موقع بموقع کچھ کہہ لیا کرتا ہوں جو کاغذی پُرزے دستبرد زمانہ سے تلف ہوئے ہوئے اور جو بچ رہے وہ ملاحظہ سے گذرینگے میں نے کبھی کوئی باضابطہ ڈائری یا کتابچہ نوشتہ مسودات نظم کے لیے نہیں رکھا۔ ڈاکٹر پروفیسر زور کے مرتبہ "مرقع سخن" جلد دوم میں جناب مولوی عبدالسلام صاحب یا کرمی مجی جناب رائے ہربنس چند صاحب اکزامنر اکونٹ کروڑگیری سرکار عالی نے مقدمہ کتاب ہذا میں یا کرمی ڈاکٹر پروفیسر زور صاحب رضا و مخدومی مولانا محمد ضامن کنتوری نے دیباچہ ہائے الشمس و الخیام و کتاب ہذا میں میرے متعلق اظہار خیال و ریویو فرمایا ہے یہ تمام حضرات موصوف الصدر کی ذرہ نوازی کا ثبوت ہے ورنہ من آنم کہ من دانم۔ تاہم میں موصوفین کا بیحد مرہون منت و ممنون شفقت ہوں کہ انھوں نے مجھے اپنی تنویر ذات سے منعکس ہوکر منور فرمایا ہے و نیز میں ان احباب و اعزا کا مشکور رہوں جن حضرات نے قطعات تاریخی طبع خمخانہ کے لئے روانہ فرمائی ہیں۔

میرے مطبوعہ ترجمہ رباعیات خیام و مثنوی الشمس کے ملاحظہ کے بعد اکثر احباب نے یہ سوال اٹھایا ہے کہ لفظ توکلی کی مزید نام کے ساتھ بندش کیوں لگائی گئی جبکہ آپ آزاد ہیں اس کے متعلق جناب مولوی عبدالسلام صاحب نے مرقع سخن جلد دوم میں روشنی ڈالی تھی جو شاید کسی کی نظر سے نہیں گذری دراصل یہ قوم کایستھ کے چوراسی القاب میں سے ایک لقب یا ال ہے جس کو خاندانی نام بھی کہا جا سکتا ہے چونکہ میدان ادب اردو کی طباعت میں ابتداً مذکورہ کتب ہی کے ذریعہ میں داخل ہوا ہوں اس لئے یہ لقب نیا محسوس ہو رہا ہے جو چند روز میں مطبوع طبائع ہو جائیگا۔ حضرات میں آخر میں عرض کرونگا کہ میں کیا اور میرا کلام کیا میں تیار نہ تھا کہ میرا بے بضاعت کلام طبع ہو مگر مخدومی و محترمی مولانا ضامن مدظلہ کا اشارہ احباب داعزا کے تشدد رنگین نے مجھے مجبور کر دیا کہ یہ یادگار رہے گو کہ رہے نام اللہ کا مگر خیر جب تک رہے رہے طبع کر دیا جا رہا ہے اس کے طبع ہونے کا اہم جزو خرچ طبع جس کے لئے میری مالی حالت متقاضی نہ تھی ایک سد سکندری تھی مگر میں عزیز راجہ دھرم کرن بہادر آصفجاہی اول تعلقدار بیدر شریف و عزیز راجہ دھراج کرن بہادر آصفجاہی کا بیحد رہین منت ہوں کہ انھوں نے اپنے اسٹیٹ سے کافی امداد طباعت کے لئے دلوائی ورنہ میرا موجودہ کلام میرے ساتھ نذر دست برد زمانہ ہو جاتا۔ ساتھ ہی ساتھ میں مولوی محمد شمس الدین خاں صاحب مالک شمس المطابع مشین پریس کا بیحد مشکور ہوں کہ انھوں نے طبع کتب میں اپنی نوازش مجھ پر مبذول رکھی فقط

نیاز کیش خاکسار:۔ **گورسرن لال آزاد توکلی**

چار مینار شیو راج بہادر روڈ نزد مالوالا ڈیوڑھی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد

ہر ذرّہ کونین ہے گھر ذات خدا کا
بے جا ہے یہاں ذکر خلا اور ملا کا

اس ذات میں وسعت کا ٹھکانا نہیں جس میں
اک نقطہ ہے موہوم فقط ارض و سما کا

ہے آب اسی میں یہ الگ آب سے وہ ہو
وابستہ اسی سے ہے نفس بادِ صبا کا

ہے نار اسی ذات میں اک عالمِ تاباں
اور خاک اسی ذات کا کھینچا ہوا خاکا

جس چیز میں گرداں ہو اسی چیز میں ہو وہ
اور وہ کہ جسے نام دیا سب نے خلا کا

محلول عناصر کا نشاں جب نہ ہو باقی
لا شئے ہو جہاں مٹ کے نہ ہو نام نہ خاکا

جب نام و نشاں کچھ نہ ہو باقی تو بتاؤ
سر کیسے نہ جھک جائے وہاں عقلِ رسا کا

حرکت میں سکوں مل گیا جس قلب کو آزاد
حقدار وہی دہر میں ہے ظلِ ہما کا

۲

غزل

دل کو خزانۂ غمِ پنہاں بنا دیا — سینہ کو اس نے گلخنِ سوزاں بنا دیا

یہ بھی پھرا اُدھر تو جدھر کو نگہ پھری — دل کو نگاہِ یار نے چوگاں بنا دیا

چھالوں نے پھوٹ پھوٹ کے تلووں بار بار — صحرا کو خونِ پا سے گلستاں بنا دیا

تھیں دھجیاں ہمارے گریبان چاک کی — روزِ ازل جو یار کا داماں بنا دیا

بل کے ہے دل کو چین کہ اب ضبطِ آہ نے — درماں کو درد، درد کو درماں بنا دیا

ارمان نکالنے کا ہم ارمان کیوں کریں — جب اُس نے دل کو مخزنِ ارماں بنا دیا

کیوں مجھ کو منع کر دیا لذاتِ خلد سے — اس خاکداں کا کس لئے مہماں بنا دیا

آرائشِ جمالِ رخِ یار مرحبا! — آنکھوں کو تو نے رشکِ پرستاں بنا دیا

ممکن نہ تھا کہ چیر کے دکھلائیں دل تمہیں — قطرہ لہو کا اک سرِ مژگاں بنا دیا

کیا پوچھتے ہو دل کی خرابی کہ عشق نے — آباد گھر تھا اک جسے ویراں بنا دیا

کس ناوکِ نگاہ کا کھلا ہوا ہے تیر — عالم کو جس نے گنجِ شہیداں بنا دیا

دل مفت نذرِ ناز ہو خالق کی شان ہے — جنسِ گراں کو کس قدر ارزاں بنا دیا

نقطہ کی طرح قلب میں کونین بند کی — لا انتہا خیال کا میداں بنا دیا

آزاد زشتکار ہوئے مے میں ڈوب کر
اس شست و شو نے درخورِ غفراں بنا دیا

غزل

جس دل پہ ناز تھا مجھے جس پہ غرور تھا — سنگِ جفائے یار سے وہ چور چور تھا

بننے لگی تھی بات بنائے بنی نہ حیف — جس نے ڈبو دیا وہ دل ناصبور تھا
وہ کون اور ہوگا مجھے اس سے واسطہ — منت کش نگاہ سرِ کوہِ طور تھا
بجلی گرائی غیر پہ کب چشمِ یار نے — مجھ کو کسی طرح سے جلانا ضرور تھا
جدول کشِ جمال ہے نورِ مداد مہر — ہر روز اس کا چرخ پہ گھٹنا ضرور تھا
روشن ہوا تھا بزم میں اپنے ہی نور سے — وہ نور بخش بزم جو شمع شعور تھا

صہبائے بیخودی سے تھے آزاد مست ہم
جس دن کہ حرفِ عشق ہم آہنگ صور تھا

غزل

وہ خاک ہو کے گلوں کا غبار ہو جانا — نہ ہو نصیب خزاں کیوں بہار ہو جانا
حصول عمر ہے حاصل گلِ دلِ شب ماہ — کنار آب سر سبزہ زار ہو جانا
مزہ جبھی ہے کھٹکا رہے جگر میں تیر — وہ اور بات ہے سینہ کے پار ہو جانا
ہر ایک بات پہ ان کا غضب ہے الغرض — ذرا سی بات پہ بے اختیار ہو جانا
مکان تن سے الگ ہے نہیں ہے اپنا کام — ہوا ابلق لیل و نہار ہو جانا
قضا کی شکل میں بدلی ہے زندگی اپنی — نصیب بادہ ہوا ہے خمار ہو جانا
فراق بحر مقدر تھا صورت قطرات — کشش سے مہر کی شکل بخار ہو جانا

جہاں میں کہتے ہیں اکسیر جس کو اے آزاد
کسی کی خاک سر رہگذار ہو جانا

غزل

جذبۂ بے اختیار شوق بیتابانہ تھا
چشم ساقی پہ نظر تھی ہاتھ میں پیمانہ تھا

باعث تزئین جنت ہو گیا حسن خیال
اور حقیقت میں جو دیکھا اسکو اک ویرانہ تھا

تیلیاں ہم نے قفس کی جوش وحشت میں چنیں
مطمح چشم جنوں صحرا میں بھی کاشانہ تھا

آتش بے دود الفت ایک آتش ہی تو ہے
شمع کا جلنا بھی وجہ سوزش پروانہ تھا

پھر نہ پلٹی وہ صدا اس گنبد دوار سے
نعرۂ منصور کار ہمت مردانہ تھا

جذب نار عشق نے نار مجسم کر دیا
گرمیٔ آتش سے کیا پروانہ بے پروانہ تھا

ابیض و میگون و اسود رنگ چشم یار کا
آب حیواں سم قاتل صورت خمخانہ تھا

رند سارے ہنس پڑے دیکھی جو چشم آز شیخ
وعظ کہتے جاتے تھے اور رخ سوئے پیمانہ تھا

نام اسے آئینہ ادراک کیوں نقش سویدا رکھدیا
قلب میں تو منعکس خال رخ جانانہ تھا

غزل

گھٹ کے دم جانیکو تھا ہی تو نے رسوا کر دیا
اے خیال گیسوئے خمدار یہ کیا کر دیا

زندگی بیکار تھی ہوتا نہ گر سوز و گداز
عشق جاناں تو نے دل میں درد پیدا کر دیا

حیف ہے گر ہم نہ جانیں خود کو جب خلاق نے
اپنی صورت پر تشکل یہ ہیولے کر دیا

کیا تھا لطف قرب کھلتا جو راز عاشقی
اب نہیں اپنی خبر بھی دور اتنا کر دیا

حسن پردے میں ہے دشوار تھا ہوسکے
بے نقابی کو حجاب چشم بینا کر دیا

آگ کو گلشن بنایا کس نے ابراہیم پر — ابر رحمت تھا برس کر جس نے ٹھنڈا کر دیا
فاختہ سروِ سہی پر گل پہ بلبل ہے نثار — اس کو اس پر اسکو اس پر تو نے شیدا کر دیا
تھا ہمارا کام فرقِ تلخ و شیریں خوب و زشت — اس نے جو کچھ بھی دیا ہم کو وہ سمجھا کر دیا
عشق کو کب پاس ناموس عزیز مصر تھا — پارہ پارہ دامن صبر زلیخا کر دیا
کیوں نہ ہو منت کش سوز جگر آزاد جب
خشک آلام جہاں کا پل میں دریا کر دیا

غزل

باقی حجاب چشم پس آسماں نہ تھا — یہ فاش ہو گیا کہ کوئی رازداں نہ تھا
کب سے ہوں کیا بتاؤں میں سالار کارواں — اس وقت سے ہوں جب کہ مرا کارواں نہ تھا
اپنے کو جانتا تھا تعین سے ہوں الگ — مجھ کو خیال بستگی این و آں نہ تھا
پیر و جوان و طفل اگر جسم ہو تو ہو — لیکن میں اپنی ذات میں پیر و جواں نہ تھا
محوِ جمالِ حسن خود آرا تھی میری ذات — میں بستۂ خیال جمال بتاں نہ تھا
دنیا مجھے نجات تو اس کی بھی تھی نجات — اس میں تو صرف سود تھا کوئی زیاں نہ تھا
یہ امر واقعہ ہے بقا سے دوام میں — اسمات و ارض و شمس کا بالکل نشاں نہ تھا
کیونکر کہوں کہ آج میں ہوں آشیان میں — ہے اصل یہ کہ کوئی مرا آشیاں نہ تھا
اوچھا بتاؤ ہاتھ لگایا یہ تم نے کیوں — مانا کہ روز قتل مرا امتحاں نہ تھا
تھا ساتھ ساتھ ناقۂ لیلے کے اسکا دل — مجنون خستہ حال پس کارواں نہ تھا
اظہار رنگ حسن حقیقت تھا بزم میں — آزاد دلفگار کوئی خوش بیاں نہ تھا

غزل

اس لئے لب پہ مرے شکوۂ اغیار نہ تھا
وہ لئے پہلے کبھی ہاتھ میں تلوار نہ تھا

وائے بر کو تھی منتظرِ چشم وا غنچہ
میں نے دیکھا کوئی جھگڑا پس دیوار نہ تھا

جام کوثر سے مری تشنہ لبی کیوں بجھتی
کام بخش دل آزردہ لب یار نہ تھا

خون بلبل نے کچھ اس طرح سے سینچا گل کو
اک فغاں رہ گئی قطرہ سرِ منقار نہ تھا

کیوں تری چشم نہ جھپکی چمن عالم میں
کوئی پرسان غم نرگسِ بیمار نہ تھا

جلنے بیٹھے وہ ابھی دو سب مست بھی بول اٹھے
کون کہتا ہے ازل خانۂ خمار نہ تھا

کس سے محرومیٔ قسمت کی شکایت کیجے
سینۂ اغیار کا کب تکیہ گہ یار نہ تھا

کیوں پھنسا کس نے پھنسایا تجھے پابند حیا
پھنس کے پھر چھوٹ گیا جیسے گرفتار نہ تھا

پتلیاں آنکھ میں ساکن ہوئیں حیرانی سے
حشرستانِ ستم تھا وہ قدِ یار نہ تھا

حشر میں آنکھ جو کھولی تو سمجھ میں آیا
ورنہ میں معتقدِ فتنۂ رفتار نہ تھا

رہ گیا جوش جنوں ہاتھ کو ملتا آزاد
قسمت عشق میں دیکھا کہ کوئی تار نہ تھا

غزل

کر گئی ہم پہ فسوں کاکل پیچاں اپنا
کیا کہیں کس سے کہیں حال پریشاں اپنا

ہے شبستان وفا صبح بہاراں بہ بغل
شعلۂ گل ہے چراغ تہ داماں اپنا

اے جنوں ہم کو ٹھکانے سے لگایا تو نے
جوشِ وحشت میں گھر آنگن ہی بیاباں اپنا

آہی کثرت سے مرے دل میں پھپھولے اُٹھے — کہ ہوا قلب حزیں سرو چراغاں اپنا
دے کے محبوب کو دل حیف تمنائے وصال — کم ہے کیا یار پہ رہجائے جو احساں اپنا
تپ فرقت میں کچھ اس طرح سے ہم زار ہوئے — تار بستر سے ملا تار گریباں اپنا
ہو گیا حاجب دل زنگ تمنائے وصال — کس طرح دیکھئے منھ موسی عمراں اپنا
وہی رُک رُک کے دم سرد ہوا آخر کار — نالہ نے روک لیا دل میں جو طوفاں اپنا

زندگی سیل حوادث کا بھنور ہے آزاد
ساز ہستی ہے فقط خواب پریشاں اپنا

غزل

زباں زد ہے سب کے فسانہ ہمارا — وہاں ذکر ہے نا بسانہ ہمارا
کبھی ہم بھی سرخیل کروبیاں تھے — کبھی لامکاں تھا ٹھکانہ ہمارا
کہاں تاب پرواز روح الامیں میں — ہے عرش بریں آشیانہ ہمارا
خلا میں نہ عنصر میں کوئی قوت — سنو سنے والو فسانہ ہمارا
نہیں جانتے حد کہاں ہے ہماری — ہے کونین اک آشیانہ ہمارا
فریب نظر یہ مکان و زماں ہے — طلسمات ہے کارخانہ ہمارا
یہ بیگانگی عقل کی دیکھنی ہے — جہاں کو ہیں سمجھے یگانہ ہمارا
بھٹکتے ہیں ہم چار سو اس جہاں میں — ہمیں میں ہے پنہاں خزانہ ہمارا
سنو بیکسی اپنے دشت طلب کی — ہے زانوئے مجنوں سرہانہ ہمارا
لگا دیگا یہ آگ قلب فلک میں — در یار پر بار پانا ہمارا

کھلے کاش آزاد پہ چشم حقیقت
کہ یہ شعر ہیں تازیانہ ہمارا

غزل

گریۂ خون دل اپنا ابر باراں ہو گیا — قطرہ ہر اک اشک کا یاقوت رماں ہو گیا
خاش رہا از شام غربت تیغ عریاں کر گئی — دیکھ کر صبح وطن دل میرا خنداں ہو گیا
لذت زخم جگر نے کر دیا مست الست — درد ہم سمجھے ہوئے تھے جسکو درماں ہو گیا
کس پری وش کا ہے یہ سودائے زلف پر شکن — لطف آزادی چھٹا محبوس زنداں ہو گیا
کیا خطا تھی کس لیے اور کس نے پھینکا ہمکو یاں — اور پھر یہ ساز ہستی کیوں پریشاں ہو گیا
ہستی آزاد پر عائد ہیں کیوں پابندیاں — کس سے پوچھیں کیوں گرفتاری کا ساماں ہو گیا

شعشعہ ہے وہ بھی آزاد ایک نور نور کا
چرخ پر جو صورت مہر درخشاں ہو گیا

غزل

ادا سے وہ گل خندہ زن ہو گیا — ہرا دل کا میرے چمن ہو گیا
جسد اپنا خون جگر سے بنا — جو کھایا تھا جز و بدن ہو گیا
تعین میں آکر کھلی آنکھ جب — نشہ اپنا سارا ہرن ہو گیا
چھپے عنصروں میں ہم اس طرح سے — کہ اوجھل نظر سے وطن ہو گیا
یہ مایا کی ہیں صرف نیرنگیاں — جو تھا آتما گو سرن ہو گیا

بسر عمر کی اس کے آزاد ساتھ
نیا پھر یہ چرخ کہن ہو گیا

غزل

بتا رہا ہے ہمیں آہ کا فغاں ہونا
بخار آب کا اور آگ کا دھواں ہونا

کسی کا پردۂ الطاف میں یوں نہاں ہونا
نظر میں اہل بصیرت کے ہے عیاں ہونا

تلاش یار کی بہتر ہے دیدہ سوزی سے
فراق یار میں آنکھوں کا خونچکاں ہونا

عجب طراوش دل تھی کہ جس سے اُٹھ نہ سکے
ہوا متعذر خوں وقف آشیاں ہونا

ہے عہد بستۂ یاراں ہمہ گر تعمیر
ہوا نصیب کمیں صورت مکاں ہونا

غلام گردش رفتار آسماں ہو کر
بعید ہے یہ وجاہت سے سرگراں ہونا

یہ نور ذات کو کیا کم ہے شرم اے آزاد
رہین منت ادوار آسماں ہونا

غزل

خون دل اپنا اگر صرف فغاں ہو جائے گا
صورت رنگ شفق سرخ آسماں ہو جائیگا

لحظہ بھر کی برق پاشی چرخ تیری ہی دلے
اک گھڑی وہ آئیگی تو بھی دھواں ہو جائیگا

روز ادل پھونک دیتے اسکو جو ہم جانتے
اخگر دل ایک دن آتش فشاں ہو جائیگا

ہم نہ توڑیں گے کبھی عہد وفا ہونے کبھی دو
دشمن اہل وفا گر آسماں ہو جائیگا

سر کو اپنے ہم سمجھ کر یہ رگڑتے ہیں کہ یہ
اک نہ اک دن گھس کے سنگ آستاں ہو جائیگا

قید ہستی بھول جائے قید ہی میں ورنہ پھر
طائر آزاد وقفِ آشیاں ہو جائیگا

یہ جرس کی ہے صدا مٹ جائیگی منزل کی فکر
کارواں جب آپ گردِ کارواں ہو جائیگا

موت پر اب منحصر ہے ہم تو یہ سمجھے تھے اسے
زندگی ہی میں یہ دل دارالاماں ہو جائیگا

دل کا بیعانہ دیا جانا متاعِ حسن پر
باعثِ ارزانیِ جنسِ گراں ہو جائیگا

آس اس در کی نہ ٹوٹے سانس چاہے ٹوٹ جائے
یہ توقع ہے کہ ہمدم وہ مہرباں ہو جائیگا

شاعری آزاد کہتے ہیں کہ ہے لڑکوں کا کھیل
طبع سرکش کا تری آج امتحاں ہو جائیگا

غزل

قطرہ قطرہ میں یہاں بحر کو پنہاں دیکھا
نورِ ہستی کو چراغِ تہِ داماں دیکھا

کھلتے ہی کھل گئے وہ عقدے عناصر کے جسد
سازِ ہستی کا گٹھا ہوا ساماں دیکھا

کیا کہیں کس سے کہیں خود تماشا تھا جہاں
اپنے خود آپ کو خود آپ میں حیراں دیکھا

باغِ فردوس تو ہے نتیجۂ مکافاتِ عمل
اس سے بڑھ چڑھ کے کہیں چمنستاں دیکھا

آسماں تھا نہ زمیں تھی نہ عناصر تھے نہ برق
ہم نے اس طرح کا اک خواب پریشاں دیکھا

بن پئے رندوں کو دو مست کئے دیتا ہے
جانفزا زمزمۂ بادہ فروشاں دیکھا

ہم نفس تازہ ہے کیوں چاک گریباں تجھے
میرا بکھرا ہوا ہر تار گریباں دیکھا

لطف ساقی سے پرستارِ مئے جام ہوا
دردِ مے ہاتھ لگی رند کا ساماں دیکھا

خواہ منصور ہو فرہاد ہو وامق ہو کہ قیس
مکتبِ عشق میں اک طفلِ دبستاں دیکھا

اے خوشا ترکِ علائق کہ تجھی میں ہے نشاط
مے عشرت میں ملا خونِ عزیزاں دیکھا

کار فرما ہے کوئی آتشِ پنہاں اس میں — جرمِ خورشید کو بھی سوختہ ساماں دیکھا
رنج و راحت کا ہے اک دورِ مسلسل عالم — شمعِ رحمت کو سرِ گورِ غریباں دیکھا
صبحِ امید عجب کیا جو ادھر رُخ پھیرے — ڈوبتا مہر سرِ شامِ غریباں دیکھا

اپنے خود آپ کو آزاد نہ ہم دیکھ سکے
ورنہ کیا کیا نہ نہاں ظاہر و پنہاں دیکھا

غزل

اک وقت وہ تھا فکر سے آزاد بشر تھا — تھی زیست کی پروا نہ اُسے موت کا ڈر تھا
مرتا ہے اب اس بات پہ جینے کی ہوس ہو — روتا تھا وہ اک روز کہ مرنے کا خطر تھا
ہے فطرتِ ذاتی کہ رہے پابند تعین — کب دور سے افلاک کے انساں کو مفر تھا
پالا انہیں اجسام کے صورت میں ہمیشہ — ہر ذرہ عناصر کا مرا نورِ نظر تھا
آزاد کریں ہست کو کس طرح سے ہم نیست — فانی جسے کہتے ہیں وہ باقی کا اثر تھا
الفت کی تپش دل کو جلانے کے لئے تھی — اور آتشِ ہجراں کے لئے جسم و جگر تھا
کیوں جان پہ کھنچ آئی مری آنکھوں میں آئی — خونابہ فشانی کو فقط دیدۂ تر تھا
آیا مرے بالیں پہ وہ آہوں کی کشش سے — دامانِ وفا بستۂ پیمانِ اثر تھا

ہو جائے گا معلوم یہ اک روز جہاں کو
آزاد نمائندہ اربابِ ہنر تھا

غزل

اک دن جب ایک سا ارض و سما ہو جائیگا — پردہ پوشِ عاصیاں لطفِ خدا ہو جائیگا

ہے بہت مشکل پہنچنا منزلِ مقصود پر — چلتے چلتے کارواں خود نقشِ پا ہو جائیگا
کب خبر تھی اس کی اپنا پھیر لیگا منہ یہ دل — ہم کو کیا معلوم تھا یہ کیا سے کیا ہو جائیگا
دل کو ہے مرغوب اپنے ناخنِ وحشت کی چھیڑ — خوش ہیں ہم داغِ کہن اپنا ہرا ہو جائیگا
کیمیا کر دے گا خود گنجِ قناعت ایکدن — قطرۂ نیساں صدف میں پُر ضیا ہو جائیگا
آپ ہی ہو جائے گا اپنا علاجِ دردِ دل — دردِ دل جب بڑھکے دل کا آشنا ہو جائیگا
بابِ مقتل کھول دیگی جنبشِ ابروئے یار — اک اشارہ پر فقط محشر بپا ہو جائیگا
میٹ دیگی آب تیری گرمیٔ مجلس رقیب — خال بڑھ جائے گا جب حد سے سوا ہو جائیگا
بے صدا ہو جائے گا یہ سازِ ہستی ایکدن — ایک دن یہ سازِ ہستی بے صدا ہو جائیگا
ہو نہ ہو ا پورا مگر جیتا رہوں گا چار دن — تیرے وعدہ کا جو مجھ کو آسرا ہو جائیگا

فکرِ دنیا کس لئے کرتا ہے اے آزاد تو
کام تیرا ایک دن مردِ خدا ہو جائیگا

غزل

جمع خونِ دل نے کیا تھا دیدۂ تر لیچلا — کس سے پوچھیں کون کس کا مال کیونکر لیچلا
چھا گیا آنکھوں پہ ابرِ درد غبارِ فراق — سوزِ الفت کھینچ کر سینہ کے اندر لیچلا
رشکِ رنگِ خاوراں ہے گوہرِ سیمائے یار — آبروئے مہر گردوں ایک اختر لیچلا
پیش دستی کیوں کیا خبر راحت مقدر ہو کہ رنج — کوئے جاناں کی طرف اے قلبِ مضطر لیچلا
کیا کہیں اے ہمنفس ناکامیٔ وحشت کا حال — میں پھرا اس راہ سے جس راہ رہبر لیچلا
کیا ملیں آنکھوں سے آنکھیں آبِ دل کی سی چیز — طائرِ تیرِ نظر سینہ میں گھس کر لیچلا

مجھ کو حسرت ہی رہی مجھ تک نہ آیا دورِ جام
بوسہ لب کا یار کے محفل میں ساغر لیچلا

میکدہ کی سمت پھر آزاد ذوقِ میکشی
جذبۂ بے اختیارِ شوق بنکر لیچلا

غزل

سوزِ الفت نہ کبھی قلب و جگر سے نکلا
خون ہو ہو کے مگر دیدۂ تر سے نکلا

لاکھ چاہا تھا کہ مٹ جائے خیالِ ہستی
نہ کسی طرح یہ سودا مرے سر سے نکلا

تو نے وہ کام کیا قوتِ پروازِ خیال
کبھی وہ کام نہ جبریل کے پر سے نکلا

ایک ہے دائرہ کون کا اول آخر
تخم سے نخل کبھی تخم ثمر سے نکلا

حکم موسیٰ کی نہ تعمیل ہوئی قاروں سے
کام اپنا نہ کسی صاحبِ زر سے نکلا

اس کو بھولا نہ کہا چاہیئے ہرگز ہرگز
شام کو آئے اگر گھر کو سحر سے نکلا

کشمکش موجِ عناصر کی ہے طوفان بلا
ہر وہ آزاد جو قیدوں کے بھنور سے نکلا

ترجمۂ غزل حافظ شیراز

"دل میرود ز دستم صاحبدلان خدارا"

جاتا ہے ہاتھ سے دل صاحبدلو ہمارا
صد حیف رازِ پنہاں اب ہوگا آشکارا

جادو ہے اور تماشہ یہ شمس و چرخِ فانی
نیکی کما جہاں میں فرصت سمجھ خدارا

کشتی شکستہ ہیں ہم چل اے ہوا موافق
شاید دکھائی دے پھر وہ آشنا ہمارا

مجلس تھی میکشوں کی بلبل چمن میں چہکا
لینا ہے صبوحی کیوں دیر ہے گوارا

اے صاحب کرامت بخشش سلامتی کی
کرنا کرم کسی دن درویش ہوں بچارا

آرام دو جہاں کا دو حرف کے ہیں معنی
یاروں پہ مہربانی دشمن سے کر مدارا

جانے نہ پائے تجھ میں ہم کو سے نیک نامی
پلٹا اگر نہ چاہے مقسوم تو ہمارا

آئینہ سکندر ہے جام جم نظر کر
پھر ہوگا تجھ پہ ظاہر احوال ملک دارا

جلتا ہے شمع ساں وہ غیرت سے ہو نہ سرکش
جس مہوش کے کف میں ہو موم سنگ خارا

کوئی اگر گویا گائے گا اس غزل کو
ناچیں گے پیر و زاہد تقوے ملیگا سارا

وہ تلخ شے کہ جس کو صوفی برا ہیں کہتے
شیریں لبوں کی لذت اسمیں ہے جلوہ آرا

بر وقت تنگدستی عیش و سرور مستی
قاروں بنا کے دیتی غربت میں ہے سہارا

خوباں پارسی ہیں عمروں کی دینے والی
ساقی تو دے بشارت زاہد کو خدارا

حافظ نے کب یہ پہنا خود جامہ مے آلود
آزاد ہو مبارک تقوی تمہیں تمہارا

غزل

سر اٹھاتے ہیں لب آب جو ہر بار حباب
خود نمائی میں نظر آتے ہیں سرشار حباب

لحظہ بھر بھی نہ رہا نشۂ صہبائے خودی
سمجھے کیوں بحر کو ہیں خانۂ خمار حباب

خواہ عیسی ہوں کہ منصور رہوں یا کوئی ہوں
زندگی آئی نظر ہم کو سر دار حباب

نازکس حسن پہ کس بات پہ دعوئ ثبات
اپنی بتلائیں گے کیا عمر کا معیار حباب

نہیں معلوم ہے کس جام سے سرشار حباب
نہیں معلوم ہیں کس چیز پہ اترائے ہوئے

بے بقا دیکھ کے اسباب جہاں کو آزاد
مجھ کو دکھلائی دیا گنبد دوار حباب

غزل

گر سنو تم تو کہہ دیں رات کی بات
اور کچھ بھی نہیں ہے بات کی بات

مدتیں ہو گئیں ملے نہ مگر
خواب میں آئے تھے پر رات کی بات

پی کے مے گر پڑے جو سجدے میں
رہ گئی لاج اور بات کی بات

اس کو اب تک سمجھ سکا نہ کوئی
ہے فقط اتنی کنہ ذات کی بات

خواب و بیداری و تغافل و موت
اس سے ہے ماسوا نجات کی بات

جان کر بھی تو کوئی کہہ نہ سکا
ذات کی بات یا صفات کی بات

ہم سمجھتے ہیں ایک ہی اس کو
موت کی ہو کہ ہو حیات کی بات

کوئی سمجھے کہ ڈال ہیں ہم
ہم سے سن لے وہ پات پات کی بات

تم تو آزاد ہو وہی کہتے
اپنے جیتے ہے کائنات کی بات

غزل

کیوں نہ ہو ورد زباں بہم بیان کوئے دوست
وجہ ہے تسکین دل کی داستان کوئے دوست

کیوں نہ ہم دھونی رما کر اپنا واں آسن جمائیں
غیرت خلد بریں ہے آستان کوئے دوست

کیا کہے کوئی جہاں پر ہو نہ جائے دم زدن
یوں تو ہے ہر ذرہ ذرہ رازدانِ کوئے دوست

اُٹھ گئے آنکھوں کے پردے ہو گیا وہ محو ذات
جا کے جب منزل پہ پہونچا کاروانِ کوئے دوست

آسماں جتنے بھی ہوں وہ فرش پا انداز ہیں
تیری رفعت کیا بیاں ہو آستانِ کوئے دوست

نقطۂ پرکار ہے یہ آسماں اس یار کا
آسمانِ آسماں ہے آسمانِ کوئے دوست

فرق کیا ہے دوستاں اور دوستانِ دوست میں
دوست ہو جاتے ہیں گم گشتگانِ کوئے دوست

مٹ نہیں سکتا ہے دل سے کوئے جاناں کا خیال
کس طرح آزاد بھولیں آستانِ کوئے دوست

غزل

قتل کی ہے مرے کاوش تجھے جلاد عبث
جنبش ابرو کی ہے بس خنجر فولاد عبث

پر فشاں ٹکنے نہ پائے تھے چمن میں بلبل
آنکھیں دکھلانے لگا باغ میں صیاد عبث

دو گھڑی عمر ہے مرجھا کے وہ گر جائے گا
گل پہ دے جان نہ اے بلبلِ ناشاد عبث

جان لینے کو تھی اک موت کی ہچکی کافی
نزع کے وقت کیا تم نے مجھے یاد عبث

ہجر جاناں میں یہ ہے آہ و بکا لاحاصل
دے کے دل ہاتھ سے اب نالہ و فریاد عبث

کم ہیں کیا خار مغیلان بیابان جنوں
جوش وحشت میں نہ لے خون مرا فصاد عبث

جس نے پیدا کیا پائے گا وہی نامِ دل
فکر دنیا کی نہ کرنا کہ ہے آزاد عبث

غزل

ہے چشم فسوں ساز کا کچھ اور سماں آج
یہ برقِ نظر دیکھئے گرتی ہے کہاں آج

سہے کاٹ پہ وہ ابر و خمدار صف شکن
مر جائیں گے لیکن نہیں ملنے کی اماں آج

اب ضبط فغاں عادت دیرینہ ہوئی ہے
مشکل سے نکلتا نظر آئے گا دھواں آج

ممکن نہیں بچ جائے کوئی صید نکل کر
اُس شوخ ستمگار نے کھینچی ہے کماں آج

اک ابر سیہ چھائیگا آہوں سے فلک پر
اک بحر بنائیں گے نیا اشک رواں آج

پڑتی نہیں یارب مجھے کیوں چین کسی طرح
ڈر ہے کہ نہ ظاہر ہو مرا درد نہاں آج

پہونچائی ہے نکہت ترے کوچے کی صبا نے
اُڑتا سا نظر آتا ہے کچھ رنگ جہاں آج

معلوم ہوا عالم فردائے قیامت
رفتار نے دکھلا دیا محشر کا سماں آج

دعوے جنھیں آزاد تھے یاں نام و نشاں کے
عالم میں نظر آتے ہیں بے نام و نشان آج

غزل

مشق ستم ادا کی رہا ہیں ادا کے بعد
کرتے رہے جفا وہ نئی ہر جفا کے بعد

آہیں تھمیں تو گریہ بے اختیار تھا
جھڑیاں لگی ہیں شدت موج ہوا کے بعد

راضی کسی طرح یہ کریں گے ہم اپنا دل
وعدہ ملے جو چین کا ہم کو قضا کے بعد

کیوں در سے اُٹھ کے جائیں سنائیں گر ہزار
آخر کریں گے کیا ستم ناروا کے بعد

فرما دیا ہے لکھ بھی رسول نے
رتبہ علی کا کیسے نہ مانیں خدا کے بعد

آتا نہیں سمجھ میں کچھ آزاد کیا کہیں
باقی رہے جو عالم ارض و سما کے بعد

غزل

فیض ساقی سے کھلا میخانہ میخانے کے بعد
چاہیے زندوں کو اب پیمانہ پیمانے کے بعد

آتش سوزاں میں دیکھا پرتو روئے نگار
شمع پر گرنے لگا پروانہ پروانے کے بعد

وامق و فرہاد قیس وسعد آتے ہی رہے
دشت و ہاموں میں رہا دیوانہ دیوانے کے بعد

رونق صحرا گئی اور بے ستوں بھی ڈھ گیا
میٹ ڈالا عشق نے کاشانہ کاشانے کے بعد

داوری گاہ جنوں سے فرد جرم عشق پر
آیا ہے میرے لئے طلبانہ طلبانے کے بعد

چاہئے ہے تجھ سا اک آزاد رند بادہ نوش
کیوں نہ خالی ہو گا پھر خمخانہ خمخانے کے بعد

غزل

تازگی ہے گلشن بیداد پر
کیوں نہ روئیں ہم دل ناشاد پر

آپ دام گل میں بلبل پھنس گیا
مفت کی تہمت ہے کیوں صیاد پر

گل چمن شہر خموشاں ہو گیا
ہائے اسے گلچیں تری بیداد پر

چھیڑ کر تم نے رگ دل کو مرے
جرم عائد کر دیا فصاد پر

دیکھ کر جور و جفا اس شوخ کی
آ گیا رونا دل ناشاد پر

کیوں نہ ہو لے پیکر صدق و وفا
جاں شیریں ہے فدا فرہاد پر

تھی کشش سینہ میں مقناطیس کی
آ گیا وہ گل ہماری یاد پر

دیکھنا وہ اڑ گیا رنگ خزاں
بلبلوں کے شور اور فریاد پر

کیا قفس لے کر کہیں اُڑ جاؤں گا — باندھتا ہے کس لیے صیاد پر
ہجر میں مرتا ہوں دکھلا کر جمال — دستگیری کر مری افتاد پر
ہر طرف ہر شے کی میں بنیاد ہوں — تنگ ہو گیسے عالم ایجاد پر
مجھ کو استمداد ہمت مجھ سے ہو — غیر کی لعنت ہے استمداد پر
مدتوں ہوتی رہی مشق جفا
ہو نگاہ لطف اب آزاد پر

غزل

پیچ سنبل کھا رہا ہے زلف پیچاں دیکھکر — کھل گئیں نرگس کی آنکھیں چشم فتاں دیکھکر
ماہ پھیکا پڑ گیا ہے دیکھ کر رنگ صبح — مہر ٹھنڈا ہو گیا ہے روئے تاباں دیکھکر
ابر مشگوں میں نظر آتی ہے بگلوں کی قطار — زیر لب ہائے مسی مالیدہ دندان دیکھکر
خون دل خون حنا خون تمنا کر چکے — ہنس رہے ہیں زیر لب وہ شاخ مرجاں دیکھکر
پتلیاں آنکھوں میں ٹھہریں ہو کے محو حسن یار — نقش حیرت ہو گئیں تصویر جاناں دیکھکر
دیکھنا ذوق اسیری خود پریشاں کر دیئے — آشیاں کے چار تنکے خواب زنداں دیکھکر
ہوتی ہیں اغیار سے در پردہ کچھ سرگوشیاں — ہم نے اپنا طرز بدلا رنگ یاراں دیکھکر
اُس گل رعنا کی تنویر و رخ چندہیا یا ہے — آپ شرماتا ہے اپنا باغ رضواں دیکھکر
جھلملاتے تارے ادرمہ کی ہوئی خیرہ نظر — آسمان حسن پر تنویر افشاں دیکھکر
سر مرا جھکتے جو دیکھا باب مقتل کھل گیا — مجھ سے آگے بڑھ گیا دل تیغ براں دیکھکر
ہم کو دینی چاہیے تھی کلک صورتگر کی داد — کس لیے بیخود ہوئے تصویر جاناں دیکھکر

کس طرح قابو میں ہو آزاد قلب عندلیب
روئے گل پر گوہر شبنم کو غلطاں دیکھ کر

غزل

جلاتا ہے مرے جی کو کوئی آرام جاں ہو کر
کلیجہ منہ کو آتا ہے فغاں بنکر دھواں ہو کر

کہاں جائیگا کیا ہوگا نہیں معلوم کچھ مجھ کو
چلا ہے قافلہ آہوں کا آگے آسماں ہو کر

دل ناداں نے بھی الفت کو کیا اک کھیل سمجھا ہے
رہیگا اک نہ اک دن دیکھ لینا امتحاں ہو کر

جو سمجھو وحدت آرائی ہے یہ منظور ناظر کی
وہ آنکھوں میں پھرا کرتے ہیں آنکھوں سے نہاں ہو کر

پتہ پایا نہیں ہم نے ابھی تک کوئے جاناں کا
یہ کس سے جا کے ہم پوچھیں کہ جانا ہے کہاں ہو کر

جو نالے چیر سکتے ہیں فلک کو ہائے قسمت سے
گلے میں آ کے رہ جاتے ہیں میرے ہچکیاں ہو کر

بیاں ممکن نہیں آزاد راز فاش گشتہ کا
کہیگا راز کیا کوئی ہمارا رازداں ہو کر

غزل

تعین نے باندھا پھنسے آپ جا کر
شکایت کریں کس سے خود کو پھنسا کر

یہ تیرے لئے ہے فقط تجھ سے دنیا
ذرا چشم عبرت کو تو اپنے وا کر

کھلیں آج آنکھیں تری چشم خود بیں
خودی تو نے دیکھی خودی کو مٹا کر

جسے لوگ کہتے ہیں دنیا یہ لفظ
مٹایا ہے سو بار ہم نے بنا کر

نہ باقی نہ فاضل تعلق نہ حاجت
رہے اپنے ذمہ یہ حق سے دعا کر

جو دینا ہو ساقی کوئی جام عرفاں　　تو اپنے ہی ہاتھوں پلا دے اٹھا کر

یہ دل سے تمنا ہے آزاد اپنی
رہے اپنے آپے میں آپا سما کر

غزل

صدقے ساقی ترے گردش میں رہے جام ہنوز　　سیر کر نہ ہوئے رندے آشام ہنوز
چین ہم کو نہ ملا روز ازل سے اب تک　　کس کو کہتے ہیں یہ جانا نہیں آرام ہنوز
کیوں نہ سمجھیں اسے ہم حشر کا نقشہ ہی یہی　　ختم ہوتی نہیں یہ گردش ایام ہنوز
جان کر وجہ تعین کو ہے حیرت کا مقام　　ہم لذائذ کے رہے بندۂ بے دام ہنوز
پہلے معلوم تو کر لیں کہ کدھر ہے کعبہ　　ہم کو درکار نہیں جامۂ احرام ہنوز
دل تو دے بیٹھے ہیں اب آگے خدا ہی جانے　　ہم کو معلوم نہیں عشق کا انجام ہنوز

منہ لگایا اسے چھوڑ دیں کیونکر آزاد
دل پہ قابو ہے کئے بادۂ گلفام ہنوز

غزل

کس کو ترجیح دیں ہم آپ ہیں حیراں عارض　　لعل شب تاب ہیں لب لعل بدخشاں عارض
ہم تو اک خال رخ یار سمجھتے ہیں اسے　　یوں سمجھ کوئی کہ ہے مہر درخشاں عارض
نور انور پہ ترے روز ازل ہو کے فدا　　گل نے تھا چاک کیا اپنا گریباں عارض
ہو کے دیکھے تو کوئی محو تماشائے جمال　　عالم حسن میں ہے شمع شبستاں عارض

تجھ میں اور اس میں کوئی جاذب کشش ہو ازلی — کیوں لبوں کو نہ رہے گا ترا ارماں عارض

رہزن ہوش ہیں آزاد یہ ارکان جمال
چشم و ابرو رخ و بینی لب و دنداں عارض

غزل

ستور پر ہو جیسے کہ زنگ فسوں محیط — ہم ہوں محاط اور رہو ہم پر سکوں محیط
صحرائے درد عشق میں لیلیٰ ہوئی محاط — مجنوں پہ جبکہ ہو گیا جوش جنوں محیط
ویراں ہونگی دیکھئے کتنی ہی بستیاں — آنکھوں پہ دل نے کر دیا نالے خوں محیط
کچھ حیطۂ خیال میں آتی نہیں یہ بات — کس کو کہوں محاط میں کسکو کہوں محیط

آزاد کیا علاج کی حاجت بتاؤ جب
دردِ دروں محاط ہو اور دردروں محیط

غزل

بقا فنا کی حقیقت سے بے خبر واعظ — حیات و مرگ میں اعمال کے ثمر واعظ
حصول نفع نکوئی ضرر کے دفع کی فکر — نجات پائیگا تو اس کو چھوڑ کر واعظ
رہے نہ نام تمنا بھی اپنے سینہ میں — یہی ہے اپنی تمنائے تیز تر واعظ
یہ دور چرخ ہے تبدیلیوں کا گو مخزن — نہیں ہے ذات پہ اسکا کوئی اثر واعظ
ملا مجھے وہ پس پردۂ دل صد چاک — پھرا تلاش میں جس کے میں دربدر واعظ
بسیط ہو کے بھی تنہا ہے دل میں رب جلیل — کسی کے دل کو نہ پہنچا کبھی ضرر واعظ

کیا نہ فیصلہ آزاد یہ کسی سے نے کبھی
کہ تخم پہلے ہے یا پہلے ہے ثمر واعظ

غزل

ہوئے ہیں عالم ہستی میں ماوطیں محفوظ — ہے ذرہ ذرہ کونین بالیقیں محفوظ
مکاں ہے عکس نگیں اور نگین عکس مکاں — مکان نگیں میں مکاں میں ہوا نگیں محفوظ
نگیں خاتم و خاتم نگیں نہ ہو کیوں کر — نگیں حفیظ و نگیں حافظ و نگیں محفوظ
ہے نقش اول عالم کا آخریں حافظ — کئے ہے نقش موخر کو اولیں محفوظ
یہ کارگاہ ہے اک کارگاہ کون و فساد — شکست و ریخت سے عالم کبھی نہیں محفوظ
وفا سے وعدہ میثاق ہے نجات کی روح — رکھے تو دل میں کوئی ورد لیں محفوظ

وہ جذب اپنے میں کر لیگا تجھکو اے آزاد
رہے جو دل میں ترے وقت واپسیں محفوظ

غزل

دل اگر جائے تو کیونکر جائے مظہر کی طرف — ہے نہ اندر کی طرف کچھ اور نہ باہر کی طرف
ہے بہا رہبر خودبینی بصیرت کیلئے — رخ اگر آنکھوں کا پھر جائے گا اندر کی طرف
نقطہ فرضی ہیں سمتیں زیر و بالا ایک ہے — کچھ نہ نیچے ہی رکھا ہے اور نہ اوپر کی طرف
کھینچ لے جاتے ہیں دل کو یاد یاراں جو اس — جس طرح جاتی ہے کشتی کھنچ کے بندر کی طرف
محو جاناں ہو چکی ہے چشم ذوق بے خودی — چشم جاناں بن گئی ہے روزن در کی طرف

جس کے کانوں میں صدا منصور کی ہو آئی اب — اُٹھ نہیں سکتے قدم محراب و منبر کی طرف
اور کیا تجھ سے کہیں غارت گر جنس وفا — اک نگاہ لطف ہو اس قلب مضطر کی طرف
منہمک کر دیں ہیں اس کی اک تاب نو میں — ہے نگاہ مہر گردوں حسن گوہر کی طرف
تو نہ بلبل ڈال گلشن میں نشیمن کی بنا — جا لگتی ہے برق سوزاں پھر کسی گھر کی طرف

کچھ تو اس میں ہے کہ جس پہ جان ہوتی ہے نثار
دل کھنچا جاتا ہے کیوں آزاد ساغر کی طرف

غزل

کر چکی خاک مجھے آتش سوزان فراق — پھر بھی چھوٹا نہ مرے ہاتھ سے دامان فراق
نالہ و آہ و بکا گریہ و شب بیداری — اور بھی ان کے سوا ہیں کئی ارکان فراق
درد دل سوز جگر سوز تمنا کے سوا — اور ملنے کو ہے کیا بر سر دوکان فراق
دے کے دل یار کے خواہاں ہوں عوض صد حیف — خواہش وصل بھی ہے صورت سامان فراق
لاکھ فرقت ہو مگر ہوگی وہ منتج بہ وصال — ہم نے دیکھا نہیں ہوگا تو ہو ایقان فراق
حشر کے دن بھی غنیمت ہے سمٹ جائے اگر — جو سمیٹے سے نہ سمٹا کبھی دامان فراق

اصل میں وصل جو ہو جائیں گے ہم اے آزاد
باغ عالم میں نہ ہوگا کوئی پرسان فراق

غزل

قوت افزائے نظر ہے گل تر کی عینک — آسماں تو نہ لگا شمس و قمر کی عینک

اب ہیں تنویرِ رخِ یار سے آنکھیں روشن
کس کو چشمے کی ضرورت ہو کہ در کی عینک

دل کو تھامے ہوئے بیتاب ہیں عشاق حزیں
چشم پر سے جو کسی شوخ کے سر کی عینک

کور و بینا کے لئے ایک ہی ہے سطحِ چشم
عقلِ حق بیں ہی ہے دنیا میں بشر کی عینک

اس کی آنکھوں میں سماتا نہیں کوئی آزاد
جس کے آنکھوں پہ کہ لگ جاتی ہے زر کی عینک

غزل

بیاں جو حسن ہو وہ قابلِ بیاں نہیں
زباں کو آنکھ نہیں آنکھ کو زبان نہیں

یہ مانتا ہوں کہ مجھ میں ہے کائنات تمام
یہ جانتا ہوں کہ میرا کوئی مکان نہیں

سرورِ مطلق و آرامِ جاودانی کے
زبان و دل کسی حالت میں ترجمان نہیں

کچھ اس طرح سے رہے مستِ خوابِ بیداری
کہ زندگی کا الٰہم کو یاں نشان نہیں

غزل کے کوزے میں دریا ہے بندِ جدت کا
امیر حمزہ کی یہ کوئی داستان نہیں

یہ زندگی کے دن اس طرح سے گذار دیئے
کہ بعدِ مرگ ہمارا کہیں نشان نہیں

سمک سے تا بہ سما وہ بھرا ہے اے آزاد
خلا نہیں ہے کہیں جو یہ آسمان نہیں

غزل

حسن مٹ مٹ کے گلِ تر میں چلے آتے ہیں
سب کہاں تھوڑے سے منظر میں چلے آتے ہیں

جذبِ دل چھوڑ چکا اس کو دمِ قتل کہ اب
اشک خوں میں ترے خنجر میں چلے آتے ہیں

اس میں کچھ زہر ہے یہ کاوش دل کہتی ہے
ورنہ کیوں کف مرے ساغر میں چلے آتے ہیں

ہاں لڑکپن ہی ابھی اٹھ کے جو ارماں کی طرح
بے بلائے بھی مرے بر میں چلے آتے ہیں

ایک مدت کے گذرنے پہ پسیجے ہیں وہ آج
اب پسینے ہیں کہ پیکر میں چلے آتے ہیں

اف غضب ان کا شب وصل یہ کہنا مجھ سے
جانے دیجے ہمیں دم بھر میں چلے آتے ہیں

قادر انداز غضب کا ہے کہ پیغام قضا
اس کے ہر تیر کے شہپر میں چلے آتے ہیں

ہاتھ میں آتے ہی قاتل کے بڑھی ایسی آب
لخت دل تیرے خنجر میں چلے آتے ہیں

کھنچے جاتے ہیں ترے کوچے میں ایسے عشاق
جیسے آہو دم اژدر میں چلے آتے ہیں

عود کر جائیں گے ہم ذات میں اپنے اک دن
صیغے جس طرح سے مصدر میں چلے آتے ہیں

آج کچھ اور ہی ہے رنگ خدا خیر کرے
بل نئے دیکھئے تیور میں چلے آتے ہیں

جذب دل روک لے ہاتھوں میں کہاں اب طاقت
وہ تو بیٹھے ہوئے موٹر میں چلے آتے ہیں

مر گئے پا نہ سکے سینکڑوں دانائے جہاں
راز پنہاں مہ و اختر میں چلے آتے ہیں

حشر میں حشر بپا ہو گا نیا اک آزاد
بے نقاب آج وہ محشر میں چلے آتے ہیں

غزل

ترے دیوانے کی راحت کے ساماں ہونیوالے ہیں
گل افشاں دشت الفت میں مغیلاں ہونیوالے ہیں

کسیکے دل پہ بدلی رنج و غم کی چھانے والی ہے
کس کے دوش پر گیسو پریشاں ہونیوالے ہیں

غریق آز و حرماں کیا رموز میکدہ جانیں
یہ واعظ کب حریف بزم عرفاں ہونیوالے ہیں

ہمیں پر کچھ نہیں موقوف تنہا باغ عالم میں
ہزاروں اس گل رعنا پہ قرباں ہونیوالے ہیں

ضرورت کیا ہے تاب آفتاب صبح محشر کی
منور حشر میں جب داغ عصیاں ہونیوالے ہیں

چمک جائیں گے داغ دل ہمارے قبر کے اندر
کسی مہرو کی آمد پر چراغاں ہونیوالے ہیں

نظام عنصری باندھا ہے کس نے کس طرح کس میں
یہ اجزائے عناصر سب پریشاں ہونیوالے ہیں

قیاس و وہم سے برتر ہے نور النور کا عالم
کہ جس میں ماہ و خور اگر ذرہ نہاں ہونیوالے ہیں

کریں گے اشک خونیں سینۂ خستہ پہ چسپیدہ
رفو اس طرح سے چاک گریباں ہونیوالے ہیں

فقط ذوق سخن آزاد ہم کو کھینچ لایا ہے
سنا تھا جمع یاں پر کچھ سخنداں ہونیوالے ہیں

غزل

بیاں ہو یہ حقیقت نہیں ہے امکاں میں
کہ مشکلیں ہیں بہت کارہائے آساں میں

ہزار چار عناصر نے پردہ پوشی کی
چھپا نہ حسن جہاں تاب جو تھا انساں میں

قفس میں قید ہوں ڈالی تھی خود بنا ہم نے
دم اپنا کس لئے گھٹتا ہے آج زنداں میں

کہاں سے مہر منور میں نور ہے آتا
اگر نہ ہوتی ضیا تیرے رخ تاباں میں

لباس شعلہ میں پنہاں ہے روح پروانہ
سوائے اس کے ہے کیا اور شمع سوزاں میں

کچھ ایسا دختر رز کا یہ حسن دلکش ہے
خلل نہ آئے کہیں شیخ جی کے ایماں میں

یہ لوٹے پڑتے ہیں مقتل میں کیوں فراق نصیب
ہے کیا وصال کا ساماں تیغ عریاں میں

خزاں نے لوٹ لیا گو سر چمن سارا
کہاں سے آئے گا اب زر گلوں کے داماں میں

خدا ہی خیر کرے اب کے بچنا مشکل ہے
چلے ہیں حضرت آزاد کوئے جاناں میں

غزل

ادائے حسن لا تجھ سے ہے اک نیرنگ وحدت میں — اگر چشمِ حقیقت ہو تو دیکھو شان کثرت میں
ہو الاول ہو الآخر ہو الظاہر ہو الباطن — وہی شاہد وہی غائب نہایت میں بدایت میں
نہ ممکن نیست سے ہستی نہ ہستی نیست سے ممکن — یہ عالم ہست مطلق سے چھپا معلول و علت میں
نظر آتا نہیں مطلق تغافل سے ہے عالم کو — چھپا ہے راز تبدیلی خیالِ بانہا نزہت میں
قصور فہم سے عصیاں مجھے عصیاں سے کیا نسبت — خود اپنا آپ شاہد ہوں میں اپنی آپ عصمت میں
ہماری شام غربت میں سماں صبح وطن کا ہے — سماں صبح وطن کا ہے ہماری شام غربت میں
ہیولائے جہاں ہو کر نگارستاں بناتے ہیں — وہی ذرات جو پنہاں ہوئے دامانِ تربت میں
ولی باطن میں ہے آزاد لیکن چشم دنیا کو — بظاہر میں نظر آتے ہزاروں عیب حضرت میں

دیگر

اس لئے لب پہ مرے شکوۂ بیداد نہیں — گوشِ نازک ترے لذت کشِ فریاد نہیں
بلبلیں بستۂ فتراک تھے نخچیر ترے — اب یہ کہنا تو غضب ہے کہ مجھے یاد نہیں
بلبلوں کے لئے دامِ رگِ گل کیا کم ہے — کس لئے خوش ہیں اگر باغ میں صیاد نہیں
وائے بر حال نظر پوشیٔ اربابِ چمن — سرو بے فکر ہے گر باغ میں شمشاد نہیں
دل بھی جلاد کا اک دستۂ فولادی ہے — دست قاتل میں فقط خنجر فولاد نہیں
سچ ہے غالب نے کہا غیر کا شکوہ کیوں ہو — تم کو بے مہری یارانِ وطن یاد نہیں
بڑھتی جاتی ہے مرے حسنِ طلب کی لذت — ہاں کہے جا تو ابھی داد ستم ایجاد نہیں
آہ و فریاد و غم و درد سے دل ہے خالی — ایک اجڑی ہوئی بستی ہے یہ آباد نہیں

ہم ہی رندانِ ازل سے ہیں جہاں میں باقی
مے کے پینے سے جو تھک جائیں وہ آزاد نہیں

غزل

ایسی تڑپ تھی کچھ دلِ بے اختیار میں — جاں نذر دینی بھول گئے اضطرار میں
پھر زیست کا شمار کریں کس قطار میں — جب عافیت علیل ہو اس روزگار میں
پیٹے خزاں نے کون سے گل جو کھلے نہ پھر — ہیں کون سے شگوفے نئے نو بہار میں
اک آبلے میں آ گئے نظر بحرِ بیکراں — صحرا کے پر خطر تھے عیاں نوکِ خار میں
دل مر چکا تو زیست کو پھر زیست کیوں کہو — کیا فرق میرے جسم میں ہے اور مزار میں
ملبوسِ یار سرخ و سفید و سیاہ ہو — ہے آب و باد و خاک کا جلوہ شرار میں
خیرہ ہو آنکھ مہرِ قیامت کی دیکھ کر — وہ نقشِ پا دکھاؤں گا اس رہگذار میں
ساقی نہ بد مزہ ہو دشنامِ تلخ سے — ہے چاشنی ضرور لبِ مے گسار میں

آزاد مستِ عشوۂ حسنِ بتاں رہو
ہے اور خاک زندگیِ مستعار میں

غزل

کس کی ہیں جلوہ پاشیاں کس کی ہے یہ ادا پھر — پردۂ کائنات میں کس کو چھپا ہوا کہیں
پارۂ لحم قلب ہے اس میں نہ ہو اگر کشش — کس لئے سنگ ریزہ کو دانۂ کہربا کہیں
بادِ وصالِ یار ہو بوئے وفا کی یا صبا — جو نہ چلے ہمارے رخ ایسی ہوا کو کیا کہیں

جس میں ابد ازل ہے ایک نقطۂ فضیات ہے
جو ہو فضائے بے سکوں اسکو کہو کہ کیا کہیں

یوں تو یہ ذات پاک ہے ارض و سما کی زندگی
کوئی نظر نہیں پڑا جس کو کہ پارسا کہیں

ہم میں ہے جلوہ دو کون ہم ہی میں ہو بقا فنا
ہم میں عمل ہیں نیک و بد کس سے یہ ماجرا کہیں

آگ لگے لگاؤ کو جس نے جسد بنا دیا
اس کو غرض نہ اس کو تھی اپنی خطا کو کیا کہیں

محو خیال جس میں ہو منزل اولیں وہاں
عمر دراز خضر کو نالہ نارسا کہیں

عشق ہے آگ کونسی سینوں میں کیوں نہاں ہوئی
کس کا فراق کس کو درد کون ہے مبتلا کہیں

دعوی کریں خدائی کا فاش جہاں میں ہم اگر
اہل جہاں ہمیں کو پھر جاہ میں خود نما کہیں

جسمیں کلف کسوف دود رود کبھی ہو کوئی حسن کیا
یار کو اپنے کس طرح شاہد مہ لقا کہیں

ارض و سما پہ کس کے یہ کترے ہوئے ہیں گل تمام
کس نے چلی ہے چال یہ کس کے ہمیں نقش پا کہیں

ہم کو نہ جانے گور سرت جسم میں کیوں پھنسا دیا
الٹی چلائی چال کیوں راہ نما کو کیا کہیں

دیگر

سخت حیرت میں مبتلا ہوں میں
کس طرح سے کہوں کہ کیا ہوں میں

شکوۂ درد کیجئے پھر کیوں
آپ جب درد لا دوا ہوں میں

حرکت کائنات ہے مجھ سے
مالک الارض والسما ہوں میں

کوئی کیا کہہ سکیگا میں ہوں کون
آپ اپنا قطب نما ہوں میں

نور خورشید نکہت گل ہوں
یاں کی ہر چیز میں چھپا ہوں میں

مائیت آب میں ہوں ماہ میں تاب
قرص خورشید میں ضیا ہوں میں

آتش و آب و باد و خاک و خلا — ان کی ہستی ہے ماسوا ہوں میں
ہے غضب یہ ستم ظریف کی بات — بے وفا تو ہے باوفا ہوں میں
آپ اپنی ہوں ابتدا آزاد
اور اپنی ہی انتہا ہوں میں

دیگر

چلتے ہوئے کتراتے ہیں وہ موجِ ہوا میں — یہ رنگ نرالا ہے نزاکت کی فضا میں
کیوں اس کو جگہ دیجئے اکلیلِ حیا میں — سرخاب کا پر ہے کوئی کیا تیری ادا میں
آہستہ اٹھانا قدم اور رہروِ طناز — چلنے کی کہاں تاب ہے اس آبلہ پا میں
کہتے ہیں جسے زندگیِ روحِ نباتی — لہراتی ہوئی پھرتی ہے امواجِ ہوا میں
الجھے ہوئے آتے ہیں نظر سینکڑوں دل کیوں — کیا بات ہے اس پیچ و خمِ زلفِ رسا میں
وہ قبلہ نما ہے تو یہ بے قبلہ نما ہے — ہے فرق بڑا قلب میں اور قبلہ نما میں
وہ کھنچ کے چلا آئے مرے بر میں اسی وقت — تاثیرِ شبِ ہجر جو آجائے دعا میں
ہاں گھر ہی سے آپ آتے ہیں مجھ پر ہے یہ احساں — پر رازِ نہانی ہے کوئی لغزشِ پا میں
ہجراں کی طپش تھی کہ ان آنکھوں سے اڑ کر — سیلابِ سرِ اشک آگیا طوفانِ بلا میں
سمجھے تھے کہ مل جائے گا وہ ہم کو دعا سے — بے فائدہ اک عمر ہوئی صرف دعا میں
اک جانِ حزیں کے لئے یہ رزم کے ساماں — مژگاں و نگہ تیر ہیں ابرو میں حیا میں
ظاہر یہ ہوا رازِ بقا مرنے پہ آزاد
تھا کون سا اعجاز نہاں تیرِ قضا میں

غزل

تڑپ غضب کی تھی اس گل کے مسکرانے میں
کہ برق بڑھ نہ سکی بجلیاں گرانے میں

رہا نہ صید کوئی اب کہیں زمانے میں
یہ جانتا ہوں کہ تم برق ہو نشانے میں

خزاں نے پھونک دئے جب چمن تو پھر باقی
نہ ہوگی خاک بھی بلبل کے آشیانے میں

کسی سے کیا ہو شکایت ہمیں تو ہیں مختار
عمل کے دور ہیں دنیا کے کارخانے میں

مقابلہ ہو مقدر سے کیا کہ قسمت کو
لکھا ہے کاتب قدرت نے دانے دانے میں

کسی تلاش میں گردش کناں ہیں لے آزاد
نہیں ہے اپنے کوئی جز و کل ٹھکانے میں

دیگر

پایا ترا نشان کہیں داستاں نہیں
بیسوں نشان ہیں ترے لیکن نشاں نہیں

کیا کس طرف ہے کون کہاں ہے کہاں نہیں
اس راز فاش گشتہ کا ممکن بیاں نہیں

کیونکر کہوں وہ حال کہ گم ہیں جہاں حواس
یارائے دم زدن مری رکھتی زباں نہیں

ان طائران قدس میں میرا شمار ہے
کونین جن سے پر ہے مگر آشیاں نہیں

گرمی ہے زندگی کی فقط میری ذات سے
خاموش آگ ہوں وہ کہ اٹھتا دھواں نہیں

دیر و حرم بھی وحدت کثرت نما میں ہیں
یہ کائنات کیا ہے جو کوئے بتاں نہیں

ہم پرفشاں ہیں دیکھئے اس باغ قدس میں
پہونچا جہاں فرشتوں کا وہم و گماں نہیں

بازار دل میں جمع ہے اپنے متاع درد
دامان سود میں مرے جیب زیاں نہیں

کیا تاب جلوہ لائیں گے موسیٰ ہوں یا کہ طور　　ہے نورِ ذات یہ کوئی برقِ طپاں نہیں
ساقی نہ چھیڑ بادہ پرستوں کی بات تو　　یہ شیخ خانقاہ ہے پیرِ مغاں نہیں
ہے زندگی تو کے لئے پیش خیمہ مرگ　　تمہید ہے بہار کی فصلِ خزاں نہیں
کیوں چھپ رہا ہے آپ کے دل کو چھیڑ کر　　منظور ہاں کسی کو ترا امتحاں نہیں

سرکار شاد کی ہیں یہ ذرہ نوازیاں
آزاد ورنہ کوئی فصیح البیاں نہیں

دیگر

ہے کسی شوخ ستمگار کی صورت دل میں　　ورنہ رہتی نہ یہ باقی کبھی حرکت دل میں
عشق ہو جائے گا عشاق سے ملنا تیرا　　رنگ بدلے گی کسی روز یہ الفت دل میں
اسی قوت کے کرشمہ سے فرشتے ہیں جھکے　　حق نے انسان کے بخشی ہے جو قوت دل میں
رنگ نیرنگئی عالم ہے تماشائے نگاہ　　نظر آتی ہے نہیں کوئی سی نگہت دل میں
ایک مدت ہوئی ہم تخم طلب بھونک چکے　　اب نہیں ہے کوئی باقی کہ حسرت دل میں
او جفا کیش ادا خونِ تمنا کر کے　　اپنی ہم آپ بنا بیٹھے ہیں تربت دل میں
کاش جیتے ہوئے دارا و سکندر ہوتے　　پاتے عثمان علیخاں کی وہ عظمت دل میں
گوہر زر سے ہے آراستہ گل گلشن میں　　شاہ کی سالگرہ کی ہے مسرت دل میں
مولوی وقفِ دعا سجدے میں ہیں سب لئے　　اور گن گاتے ہیں سرکار کی ندرت دل میں
یا علیؑ آپ کی برکت سے بر آ جائے　　صدقِ دل سے یہ ہوا آزاد کی حسرت دل میں
انکی عزت ہے زمانہ میں سمجھ تو آزاد　　آپ اپنی جو کیا کرتے ہیں عزت دل میں

دیگر

شمار ان کا کرنا کم از عذاب نہیں
ہوئی ہیں اتنی خطائیں کہ کچھ حساب نہیں

سوالِ وصل پہ کھائی قسم نہ آنے کی
تمہاری ضد ہے یہ اس کا کوئی جواب نہیں

اٹھے رقیب نہ افسوس بزمِ جاناں سے
ہوئی دعائے سحر اپنی مستجاب نہیں

بصر کو نطق نہیں ہے دکھا سکے جو اسے
نہ چشم نطق ہے دیکھی وہ کچھ جواب نہیں

نہ جلبِ نفع کا سودا ثواب ہے تجھ سے
خیالِ دفعِ ضرر مجھ کو اسے عذاب نہیں

فدائے رحمتِ خالق نسیمِ صبح تو ہے
بلا سے صحنِ گلستاں پہ گر سحاب نہیں

یہ آج خستہ سے کس لئے بنے اسے ساقی
سرورِ بادۂ دوشینہ بے حساب نہیں

یہ بات کیا ہے ازل سے سوال کرکے بھی
ہوا گدائے درِ یار کامیاب نہیں

گرے گی خرمنِ ہستی پہ برق عالم کے
ابھی تو رنگ پہ آیا ترا شباب نہیں

سکونِ قلب ہی اپنی نجات ہے آزاد
ہے شکر قلب کو اپنے اب اضطراب نہیں

دیگر

سرگمین مخمورِ چشمِ یار ہیں
مست ہاتھوں میں لئے ہتیار ہیں

حسن سبز و لولوئے دندانِ یار
ابر شنگوں میں یہ بو تیار ہیں

چاند سورج کیوں نہ زرد و سرد ہوں
حسن و نورِ یار کے بیمار ہیں

جیسے بارش میں بڑھیں گنگ و جمن
باڑھ پہ جوبن ترے لے یار ہیں

دل کو اسے آزاد آئے ہیں پسند
کس قدر موزوں مرے اشعار ہیں

دیگر

ادھر کو پھیر نگہ پر خمار کرتے ہیں — وہ تیر زہر کے سینہ کے پار کرتے ہیں
بتوں میں کس مہ انور کی ضو نمایاں ہے — کہ قلب مثل کتاں تار تار کرتے ہیں
سمجھ میں بات نہ آئی مرا سبب محفل — وہ ذکر غیروں سے کیوں بار بار کرتے ہیں
جہاں میں روح کی بھی روح ہے ہے آزادی — اسی کو جتنے ہیں جاندار پیار کرتے ہیں
وہ گل کہاں ہے کہ ہر عندلیب صبح و مسا — جگر کو خون دلوں کو فگار کرتے ہیں
انہیں عناصر خمسہ کا نام ہے اجسام — یہ کس سے مل کے جہاں پر بہار کرتے ہیں
کہو کہیں انہیں دنیا میں کیا جو دشمنی — برائے زندگی مستعار کرتے ہیں
جگر خراش کیے ناخن جنوں کو کوئی — ہلال عید ہم اس کو شمار کرتے ہیں
دل اس کے رشتہ الفت میں جمع ہیں یا — بسان سبحہ وہ ہر دم شمار کرتے ہیں
اثر پذیر ہیں کیوں ان سے پوچھنا ہی نہیں — ہمارے نالے جنہیں بے قرار کرتے ہیں
کرو جو آنے کا وعدہ یہی غنیمت ہے — تمہاری بات کا ہم اعتبار کرتے ہیں
خدا کرے کہ وہ ہم ہی ہوں اور نہ ہو کوئی — وہ در یہ جس کا کہ ملنے انتظار کرتے ہیں

اٹھے وہ خواب سے آزاد لے کے انگڑائی
ہم اس ادا پہ دل و جاں نثار کرتے ہیں

دیگر

خواہشاتِ نفس کیوں انساں کی دامن گیر ہیں
کس لئے یارب یہ بندے بستۂ زنجیر ہیں

کہتے ہیں جس کو جہاں ہے چار عنصر ہی کا نام
نورِ عالم ساز کے جو پرتو تنویر ہیں

بے عمل جو لانگہ آزاد و بندش کے لئے
نیک و بد اعمال کے حلقے پے زنجیر ہیں

تھی غرض کس کو کہ رکھتا جو مری بنیاد دھر
آپ ہی ہم آپ اپنی باعثِ تعمیر ہیں

چاند سورج اور ستارے جتنے آتے ہیں نظر
سب جبینِ یار کی افشاں پہ تنویر ہیں

دل مشبک نذر جان ہو کیوں نہ چشمِ یار کے
زہر میں ڈوبے ہوئے آنکھوں سے چھوڑے تیر ہیں

کیوں نہ ہوں جو رنگ عاشق کیوں کہ
ابرو خمدار جاناں پیکرِ شمشیر ہیں

کوئی قائل ہو نہ ہو آزاد قائل ہم تو ہیں
جتنی تدبیریں کریں گے تابع تقدیر ہیں

دیگر

جو کچھ کیا ہے جس نے جہانِ خراب میں
وہ نذر کر دیا ہے خدا کی جناب میں

آتش نہاں ہے وہ میرے دل کے نقاب میں
جس نے لگا دی آگ تنِ آفتاب میں

مر ہوں بے نیازی چشم پر آب ہوں
روشن تھا نورِ حسن خود آرا نقاب میں

جب ذات فعل و فاعل و مفعول خود ہی ہو
پھر سوء ظن کریں تو کریں کس کے باب میں

پھر سبزی جمال ہے کس رشک حور کی
ٹھنڈک ہے میرے دل کو شتاب میں

زاہد تجھے خبر ہی نہیں پی کے دیکھ تو
کیونکر کہوں کہ لطف ہے کیا کیا شراب میں

آزاد قلب صافی و ساکن ہی ہے نجات
حاصل سکون قلب ہو گر انقلاب میں

دیگر

الفت کی پھانس دل میں رگ جاں سے کم نہیں — یہ دردِ دل بھی درد کے درماں سے کم نہیں
نوکِ سناں سے نوکِ مژہ بڑھ گئی ہے اور — ابروئے یار تیغ صفاہاں سے کم نہیں
دستِ جنوں کی رک نہ سکیں چیرہ دستیاں — دامن کا چاک چاکِ گریباں سے کم نہیں
جی ڈھونڈھتا ہے قلب میں اپنے سکون کو — لیکن یہ ہائے چشمۂ حیواں سے کم نہیں
بوئے وفا سے بسکہ نفس مشک بیز ہے — آہیں ہماری بادِ بہاراں سے کم نہیں
یاروں میں اب کہاں رہیں وہ دل نوازیاں — صبحِ وطن بھی شامِ غریباں سے کم نہیں
ظلمات زندگی میں ہے آبِ بقا نہاں — شمعِ حیات شمعِ شبستاں سے کم نہیں

آزاد ذکرِ غیر اوران کی زبان سے
اپنی نظر میں خارِ مغیلاں سے کم نہیں

دیگر

بخیہ گر چاکِ جگر روز سئے جاتے ہیں — ٹوٹ جاتے ہیں وہ ٹانکے جو دئے جاتے ہیں
آنکھ کی راہ نکلنے کو مچل پڑتے ہیں — خون کے گھونٹ جو ہر روز پئے جاتے ہیں
بیخودی دیکھئے آنکھوں سے لگاتے ہیں اسے — بوسے آئینہ کے انگشت لئے جاتے ہیں
ہم نے سب چھوڑ دیا سازِ تمنا لیکن — داغِ حسرت ہے کہ دنیا سے لئے جاتے ہیں

وجہ تحریک دو عالم نہیں معلوم ہوئی — کام کچھ سوچ کے آخر کو کئے جاتے ہیں
شکر ہے بزم میں رخ ان کا مری سمت تو ہے — گالیاں گو کہ دبے لفظ دئے جاتے ہیں
درد کرتے ہیں بہت چھیڑ نہ لے تار نفس — آبلے دل کے ذرا بھی جو چھیڑے جاتے ہیں
وعدۂ حشر نہیں موت سے کم اسے آزاد
پھر کس امید پہ ہم ہیں کہ جئے جاتے ہیں

دیگر

گل شگفتہ سے پُر اپنے بوستاں ہو جائیں — چمن جو سینچے تیار باغباں ہو جائیں
بساط گلشن اخوت پہ گلکدہ بن کر — نجوم چرخ پہ چمکیں ان آشیاں ہو جائیں
چلے جو قافلہ سالار کارواں کو لئے — تو سنگ راہ جو ہوں گرد کارواں ہو جائیں
نکالدیں جو انھیں گر پڑے گا گھر سارا — وہ جزو قصر ہیں جو سنگ آستاں ہو جائیں
بچائیں ان کو ہم اور وہ بچائیں ہم سب کو — سہارا پائیں اگر ہم تو سائباں ہو جائیں
فسانے الفت و اخوت کے ایسے ہم چھیڑیں — کہ اپنی آپ زمانے میں داستاں ہو جائیں
حقوق پاکے دعا گو رہیں ہم ان کے ساتھ — وہ اپنے گھر کے لئے مطلق العناں ہو جائیں
خوشی دسہرہ کی ہم سب منائیں پھر مل کر — خدا سے عرض ہے مقصد میں کامراں ہو جائیں
کہیں بزرگوں کے اپنے اگر قدم پہ قدم — تو اس جہان میں ہم فخر دودماں ہو جائیں
ہمیں امید ہے آزاد اس دسہرہ پہ
ہزار قلب بھی ہوں گر تو ایک جان ہو جائیں

دیگر

دل ہی میں دو جہاں ہیں جلوؤں کدہر کدہر نہیں
آیا کہاں سے اور کہاں جاؤنگا یہ خبر نہیں

کون سا ہے وہ آسماں جسمیں نہیں ہیں مہر و ماہ
کون ہے وہ جہاں جہاں شام نہیں سحر نہیں

جاتے ہیں جسم و جاں چلے جینے سے تو کیا ملے
آگ سی دل میں ہے لگی جسمیں عیاں شرر نہیں

کیا میں سناؤں اپنا حال ناطقہ کی ہے تاب لال
کس کو دکھاؤں وہ جمال آنکھیں تو ہیں نظر نہیں

بحر عمیق عشق میں کشتی دل ہے چل پڑی
پار لگے کہ غرق ہو اس کی مجھے خبر نہیں

عمر تمام ہو گئی یاں دیں گے تو وہ جواب خط
مجھ کو خبر ابھی سے ہے ٹوٹیگا نامہ بر نہیں

لے کے قفس کو اڑ چلا ہوش جنوں میں گو ہے سر
قید قفس میں تھا گیا باندھے تھے بال و پر نہیں

ترجمۂ غزل حافظ شیراز رح

الا یا ایہا الساقی ادر کاسا و ناولہا

اٹھو لے ساقی تو گردش دے جام ساغر کو منزل میں
کہ عشق آساں ہوا اول پڑے آخر کو مشکل میں

وہی نافہ کہ آخر کو صبا جس کی ہوا سے کی
اسی چوٹی کی تابش سے پڑے کیا کیا ہیں خوں دل میں

اگر پیر مغاں کہدے ڈبو دے مے میں سجادہ
کہ سالک با خبر ہوتے ہیں راہ و رسم منزل میں

مجھے جاناں کی منزل میں کہاں آرام جب کہ دم
جرس فریاد کرتا ہو کہ باندھو جا کے محمل میں

بھنور حائل اندھیری رات اور یہ خوف موجوں کا
ہمارا حال کیا جانیں جو جا پہنچے ہوں ساحل میں

مرے سب کام خود کامی سے بدنامی پہ آ پہنچے
چھپے رہتے ہیں کب وہ بھید جو کھلتے ہیں محفل میں

حضوری چاہتا ہے گر نہ بھول اسکو کبھی حافظ
اگر جاناں سے ملنا ہو تو رکھ آزاد کر دل میں

دیگر

احساسِ ذات میں دشوار بھی نہیں — لیکن یہ امر قابلِ اظہار بھی نہیں
اس دل کی یہ تلافیِ مافات دیکھیے — اب اشک ریز دیدۂ خونبار بھی نہیں
وہ عکس ہوں کہ جسکی ہے بنیاد کائنات — وہ قصہ ہوں کہ سایۂ دیوار بھی نہیں
پھر کیوں جمالِ یار ہے یارب نظارہ سوز — آنکھوں پہ اب تو پردۂ پندار بھی نہیں
بکتی متاعِ درد تو ہم بیچ ڈالتے — ایسا جہاں میں کوئی بازار بھی نہیں
وہ دل بھی کوئی چیز ہے اس کا ذکر کیا — جس میں کچھ ہائے لذتِ آزار بھی نہیں
دیکھو تو ان کی باتوں کے اس ایچ پیچ کو — اقرار بھی نہیں ہے پھر انکار بھی نہیں
جس سے ہم اپنے دل کو کبھی سینکتے رہے — اب وہ نگہ یہ گرمیِ رفتار بھی نہیں
کتنا غضب ہے انکا یہ دل لیکے ہاتھ میں — تم کو عزیز ہے ہمیں درکار بھی نہیں
اُف اُس غضب کی چال نے پامال کر دیا — مستِ خرام ماندہ سرشار بھی نہیں

آزاد آج آکے یہاں کسطرح پھنسے
افسوس پاسِ خانۂ خمار بھی نہیں

دیگر

لگا دے ساقیا منہ سے مُرے تو آبِ حیواں کو — دعائیں دل سے دیتی ہیں مجھے گردونِ گرداں کو
نہ دیکھا چرخ نے مجھ سے کسی برگشتہ دوراں کو — یہ ممکن ہے کہ دیکھا ہو کسی اک خستہ ساماں کو
نہ آیا ختم ہونے کو بہ قدرت نے پھیلایا — سمیٹا موت نے اکثر مری ہستی کے داماں کو

قیامت دور ہے یعنی ابھی کچھ رات باقی ہے
مری تربت پہ جلنے دو چراغ شام ہجراں کو

وہ آئے بزم میں دیکھو دکھا کر اپنی رعنائی
لگا دی آگ سرتاپا سہی سرو چراغاں کو

بہا دی دلق سالوسی سبک باران میکش نے
گیا منت کش ساقی گراں دوشی ایماں کو

نہ اس کی ابتدا دیکھی نہ اس کی انتہا پائی
نہ ہم نے سوکھتے دیکھا کبھی دریائے عصیاں کو

یہ گرد دل میزباں ہو کر رکھیگا میہماں کب تک
بہت جلدی جدا ہونا ہے اس ہستی کے مہماں کو

ہوائے زلف مشکیں کی سیہ مستی میں پھاڑا ہی
ازل سے اپنے دکھلاتا ہے گل چاک گریباں کو

الٰہی خیر ہو اب اس کے بچنا سخت مشکل ہے
یہ وحشی دل چلا ہے دیکھنا پھر کوچۂ جاناں کو

گذاری غربت و افلاس و نکبت تنگدستی میں
فشار گور کا ڈر کیا رہا جان غریباں کو

وہ آ کر خواب میں مجھ سے یہ کہتے ہیں کہ کل آئینگے
کہ جیسے کوئی دیتا ہو تسلی طفل ناداں کو

مرے پر کیوں کترتا ہے بتا صیاد ظالم تو
قفس کو لے کے میں اڑ جاؤنگا کیا اب گلستاں کو

یہی شمع شبستاں محرم راز اپنی ہے آزاد
تصدق اسپہ کیسے دوں کہو خورشید درخشاں کو

دیگر

آب آتش و باد و خاک و جاں ہو توہی	جس کے ہیں یہ سب مکیں مکاں ہو توہی
ہیں تیری ہی نشانیاں یہ ساری اے ذات	ہوں جذب جو تجھ میں بے نشاں ہو توہی

برائے پیشی بارگاہ سلطانی خلیفۃ الرحمانی سلطان دکن خلداللہ ملکہٗ

مدح خوان شہ ذیشان نظام آیا ہے — بہر پابوسیٔ سلطان انام آیا ہے
خانہ زادان قدیمی میں ہے جسکا کہ شمار — در آقا پہ وہ دیرینہ غلام آیا ہے

بموقع دیوالی و شب معراج

دیکھو کس شان سے تصویر جمالی آئی — نکہت گل سے لدی باد بہاری آئی
ساز یکرنگی الفت کا بجاتی باجا — شب معراج کے ہمراہ دیوالی آئی

بموقع سال نو ہسنود بخدمت احباب

فلک سے دیوتاؤں نے ندا دی — سری گورا نے اور سب نے دعا دی
اعزا اقربا آزاد سب کو — مبارک ہو مبارک ہو اگادی

بیاد یاران رفتہ

جو باقی ہیں سو وہ بھی با دل ناشاد باقی ہیں — جفائے چرخ کی کرتے ہوئے فریاد باقی ہیں
ہمیں باقی ہے ملنا اب فقط یاران رفتہ سے — گئے آگے جو تھے احباب اب آزاد باقی ہیں

خدمت کوتوال راجہ وینکٹ راما ریڈی بہ عطائے خطاب او بی ای

فضل خالق نے آج عزت دی — آپ نے خلق کی جو خدمت کی
شکر خلاق دو جہاں کہ ہوئے — سرفراز خطاب او بی ای

بموقع تشریف آوری مہاراجہ سریمین السلطنت بہادر دام اقبالہ

وقت تشریف آوری کی سب ادائی کی — تھی چشم کرم یہ چرخ مینائی کی
سرکار نے اپنی رونق افزائی سے — ہم سب کی بہت ہی عزت افزائی کی

ایک وقت حسب حال خود

در مجلس میکشاں نشستم — گلگوں رخ بادہ گیر دستم
تا باز بیکدگر نہ خیزم — اقدام و دست و پا شکستم

عطائے قالین بوقت واپسی از سفر بمبئی بو اخولہا قبلہ مہاراجہ اندر کرن بہادر

کیسا خوشرنگ اور کتنا ہے نفیس — محو حیرت ہیں دیکھ صورت گر چیں
وہ زینت کاشانہ آزاد ہوا — اعلیٰ کا جو سرکار نے بھیجا قالیں

ایک وقت مالی تکلیف کی حالت میں

مصیبت جب ہمیں دے رب ہمارا — سنبھالا چاہیئے فورا کنارا
دوستوں کی طرف سے پھیر لے منہ — بجز اس کے نہیں ممکن گذارا

حقیقی محبت نہ نظر آنے پر

اک عمر تلاش کی ہے یار دنیا میں نہیں
اک قلب جسے ملا قرار دنیا میں نہیں
اس دہر پہ آزاد نہ کرنا تکیہ
اپنا کوئی غم گسار دنیا میں نہیں

احساس سکون لذت مے میں

بے سکر کٹی یہ عمر ہشیاری سے
نے خواب سے واسطہ نہ بیداری سے
ملتا ہے ہمیں سکون قلبی آزاد
کرتے پرہیز کیسے مے خواری سے

بموقع میلہ الوال

عیاں ہے نور صباح و بہار حسن جمال
نہاں ہے فرح بہتان عیش شام وصال
حصول فخر نیاز و صلائے بزم نشاط
سرور بخش طبیعت ہے میلہ الوال

دیگر

نہاں سینہ میں اپنے داستاں ہے
کہ اپنا حال اپنا ترجماں ہے
سکون کنج تنہائی ہے حاصل
فقط ہم ہیں ہمارا آشیاں ہے

برائے زناں

پوجا کے لئے ستی سے بڑھ کر گیا ہے
عورت کے لئے پتی سے بڑھ کر گیا ہے
تا عمر رہے سہاگ قائم بہنو
کہنا تم اس گتی سے بڑھ کر گیا ہے

بموقع ہولی

فرحت انگیز ہے گل کی حالت — لذت آمیز ہے دل کی حالت
مست موسم ہے یہ ہولی آزاد — باہر آپے سے ہے کل کی حالت

ایضاً

فکر و آلام مٹانے کے لئے — لطف اور عیش بڑھانے کے لئے
سال بھر سے جو گئے روٹھ تھے ہم — ہولی آئی ہے منانے کے لئے

ایضاً

سر بسر مفت نظر ہے یہ فضا ہولی کی — دل کو مرغوب ہے یاروں کے سوا ہولی کی
جو رہیں مستیٔ صہبائے طرب سے آزاد — سال بھر بیٹھ کے مانگی ہے دعا ہولی کی

ایضاً

شفق و لالہ ہیں عالم میں شان ہولی کا — ذرہ ذرہ ہوا شیدائے جہاں ہولی کا
ہم بدل جائیں گے عالم بھی بدل جائے گا — کبھی بدلا ہے نہ بدلیگا سماں ہولی کا

ایک دوست کے پاس نہایت پرانی شراب گم ہونے پر

تھی مئے رنگیں رکھی دس سال کی — آ کے جوبن پر یہ ان سے چال کی
اڑ گئی چوری سے وہ یاروں کے ساتھ — کچھ نہ پروا کی منوہر لعل کی

در صفت شراب

مے قوتِ جسم و قوتِ جاں ہے آزادؔ
مے کاشفِ اسرارِ نہاں ہے آزاد
گو خلد میں شیر و شہد کی ہیں نہریں
یہ جوہرِ بے بہا کہاں ہے آزاد

بدنام کرنے والوں سے عرض ہے

مشہور ہوں بادہ خوار کہنے دو انہیں
مستوں میں ہوں ہوشیار کہنے دو انہیں
باطن میں تو پاک صاف پہلے ہی سے ہوں
ظاہر میں خراب و خوار کہنے دو انہیں

بموقع تہوار راکھی پونم بخدمت سرکار شاد مدظلہ

ساون کا یہ پر لطف ہے تہوار سلونو
ہو تم کو مبارک مرے سرکار سلونو
دامن کو مراد وں سے بھرے آپ کے آزادؔ
نیساں کی طرح ابرِ گہر بار سلونو

بموقع عید رمضان خدمت احباب

سرور و عیش و فرح صلہ میں مبارک باد
ہزار لطف ز حق ہم چنیں مبارک باد
عطا سے فطرہ قبول خدا شد اے آزادؔ
رسید مژدۂ روح الامیں مبارک باد

بموقع عید قرباں خدمت احباب

ہیں مبارک اہل دل وہ دردِ دوراں کے لئے
زندگی ہے وقف جن کی صدق و ایماں کیلئے
خنجرِ راہِ وفا کے جو تلے دیتے ہیں دم
ان کی پیدائش ہوئی ہے عید قرباں کے لئے

عید قرباں

فرشتوں سے وہ افضل ہیں وہی اصل انساں ہیں — مبارک ہیں وہ اہل دل جو غرق بحر تقا ہیں
عقیدت کا صلہ آزاد افزونیِ رحمت ہے — خلیل اللہ فضل رب سے وجہ عید قرباں ہیں

سلام بہ بارگاہ عالی حضرت امام ہمام امام حسین علیہ السلام

سرمایہ عمر صرف ایماں کردیم — ما جانِ عزیز وقف یزداں کردیم
بر مسلک صدق گرچہ گشتیم تباہ — دین سرِ راہ حق نمایاں کردیم

بموقع عید رمضاں خدمت احباب

ہو یہ ہر سال بسر شادی — خلق ہو صوم کی یارب عادی
پیش آزاد کا ہے یہ ہدیہ — عید رمضاں کی مبارک بادی

ایضاً

واہ کیا کہنے ترے دیں متیں — حکم لائے صوم کا روح الامیں
صدق دل سے ہے دعا آزاد کی — عید تم کو ہو مبارک صائمیں

تہنیت
بموقع تہوار

فضائے قلب پہ ساری نشاط و بہجت ہو
وہ ہر دو سب کے لئے باعث مسرت ہو
بفضل رام رہیں شاد کام یار و عزیز
حصول عیش و سرور و فزونیٔ راحت ہو

خضاب کی ضرورت

ہیں بالوں پہ یہ کہ ہے پالا
یا کہ یہ مکڑیوں کا ہے جالا
دشمن زندگی ہیں بال سفید
ان کا کیوں کیجیے نہ منہ کالا

دنیا مترادف تقدیر

جب تک کہ زمین و آسماں ہیں آباد
ارواح کا جسم آشیاں ہے آزاد
اور چرخ پہ گھومتے ہیں جب تک تارے
تقدیر خلاصہ جہاں ہے آزاد

تقلید پرستی

نثارِ عقل خود جانے کنم من
برائے خویش ایمانے کنم من
مگر در انساں ز حق تقلید احکام
چرا تقلید انسانے کنم من

بوقتِ ملاقات جناب بھائی برج بہاری صاحب متوکلی ایڈووکیٹ دہلی

باغِ ہستی کا تماشائی ہوں ، اپنے ہی حسن کا شیدائی ہوں
پچھلے بچھڑ دسا میں سے ہے جو یہ سُنا تم سے ملنے کا تمنائی ہوں

متفرق نظمیں

چوڑیاں

ہاتھ میں مالن کے دھانی چوڑیاں
شرح حسنِ باغبانی چوڑیاں

شاخِ صندل پہ ہو لپٹا جیسے سانپ
ہاتھ میں ہیں آسمانی چوڑیاں

کیوں نہ چمکیں مثلِ مہرِ نیم روز
کر رہی ہیں زر فشانی چوڑیاں

باعثِ پیوندِ شو و زن ہوئیں
ہیں محبت کی نشانی چوڑیاں

حسن بازو ڈھل نہ جائے اس لئے
کر رہی ہیں پاسبانی چوڑیاں

ذوقِ دل اٹھنے نہیں دیتا نگاہ
شرم سے ہیں پانی پانی چوڑیاں

خازنانِ گنجِ عصمت کے لئے
ہیں یہ باغِ کامرانی چوڑیاں

پاسِ عصمت تھا وگرنہ کھینچتا
صفحہ کاغذ پہ مانی چوڑیاں

سکۂ الفت جما کر دل پہ اب
بن گئی ہیں راج رانی چوڑیاں

کھنکنا ئیں بیخودی سے ہاتھ میں
سن کے میری شعر خوانی چوڑیاں

نظم کے زر سے بجز آزاد کے
کس کو آتی ہیں بنانی چوڑیاں

بچھیے[1]

بھا گئی دل کو ادا بچھیوں کی
رونق پا ہے فدا بچھیوں کی

سر ہی گورا کے مقدس ہاتھوں
ہے ازل ہی سے بنا بچھیوں کی

خاکساری نے دیا ان کو عروج
سب کے آنکھوں میں ہے جا بچھیوں کی

[1] پیر کا ایک ہندوانی زیور ہے جس کو بچھوے بھی کہا جاتا ہے۔

یوں تو پازیب ہیں جھانجھیں ہیں کڑے | پر ہے آواز سوا بچھیوں کی
سارے زیور ہیں در افگندہ نقاب | ہے شبستاں میں ہوا بچھیوں کی
چمن آرائے گلستان جمال | ہے فقط مہر گیا بچھیوں کی
دل میں ہوتی ہے مزے کی کاوش | مست کرتی ہے صدا بچھیوں کی
مست ہو ہو کے بلائیں لے گا | آج شب تیرا پیا بچھیوں کی
ہم نہ مشکور رہوں کیوں بچھیوں کے | آج دعوت ہے بھلا بچھیوں کی

ہند میں کس نے ہے کی اے آزاد
اتنی تعریف بھلا بچھیوں کی

بسنت

گل کاریوں سے کی ہے جو افشاں بسنت نے | چمکا دیا ہے رنگ گلستاں بسنت نے
لطف و سرور زینش کا دلبر جہاں کے رنگ | رنگیں کیا ہے دامن ارماں بسنت نے
نسرین گلاب نسترن و لالہ یاسمن | کیا کیا کئے ہیں جمع یہ ساماں بسنت نے
پھولا ہوا ہے رنگ شفق آسمان پر | جھمکا ہے اوج پر رخ پیماں بسنت نے
میوے نے سرخ دشت و جبل کر دیئے تمام | پھولوں نے بھرنے میں خیال بسنت نے
دکھلائی ہے انکھ کا نٹوں نے سو سو جسے پر | ٹانکے ہزاروں گل سر مژگاں بسنت نے
الٹی نقاب فصل جو باد بہار سے | پورے کئے جہان کے ارماں بسنت نے
ندی چڑھی ہوئی ہے مئے لالہ فام کی | تھے سدہ کئے ہیں جمع یاں بسنت نے
عیش و سرور لطف میں کاٹو تم اپنا وقت | جاری کیا ہے آج یہ فرماں بسنت نے

آزاد لطفِ خاص یہ دیکھو بسنت کا
بلبل کو کر دیا ہے غزلخواں بسنت نے

کشمیر

زندگی چھائی ہوئی ہے وادیٔ کشمیر میں
نامیہ ہے روح پرور گلبنِ تصویر میں

غنچیاں کھلا گئیں آب و ہوا کے فیض سے
ہے طراوت موجزن ہر حلقۂ زنجیر میں

سایۂ افگن قلب پر ہے آسمانِ برگِ گل
اب کہاں ہے جان باقی آہِ آتشگیر میں

عکس ہے یہ سبزہ زارِ وادیٔ کشمیر کا
ورنہ ٹھنڈک ہی نہ ہوتی ماہِ پُرتنویر میں

امتزاجِ باد و بارانِ جسم و جانِ برگِ گل
زندگی لپٹی ہوئی ہے ابرِ عالمگیر میں

حبذا فصلِ گلِ جاوید رحمت حبذا
طرح ڈالی زندگی کی بلبلِ تصویر میں

رکھ دیا جائے اگر خیدے وہاں ہو جائیگا
سم قاتل آبِ حیواں کی طرح تاثیر میں

کیوں نہ ہو شاداب دائم سرزمیں کشمیر کی
جوڑتی ہے نو بہاراں بر خزاں کے تیر میں

کس طرح پر گر نہ جائے باغِ رضواں آنکھ سے
ساتھ ہو اک ماہ نوگر گلشنِ کشمیر میں

اعتدالِ طبع سے جب پھوٹ نکلے بال و پر
مرغِ مضموں اڑ رہا ہے عالمِ تحریر میں

آبِ حیواں آبِ ڈل ہے کوثر و تسنیم تلخ
کوہکن کا خونِ دل بہتا ہے جوئے شیر میں

جائیگا وہ ایک دن گر بالسر کرنیکو واں
ہے اگر لکھا ہوا آزاد کی تقدیر میں

پھاگن

لائی ہے نکہتِ گل آج صبا پھاگن کی — دل کو مرغوب ہے یاروں کے ہوا پھاگن کی
قامتِ دہر کے اعضا میں تناسب وہ کہاں — ہند کے دوش پہ موزوں ہے ردا پھاگن کی
رنگ لیاں اسے ہوں ہند میں اللہ نصیب — ساحت خیر یہ جھانکے کی بلا پھاگن کی
بلبلِ تفتہ جگر کیوں نہ جگر خون کرے — رچ گئی ہاتھ میں ہر گل کے حنا پھاگن کی
زعفران زار ہے ہر ہند کا دل آج کے روز — چھائی گھرتی ہے ہر اک سمت گھٹا پھاگن کی
فصلِ گل پاش نے دامانِ جہاں سرخ کیا — شوخیٔ حسن سے اٹھلائی ہوا پھاگن کی
لالہ بر روئے زمیں ہے تو شفق رُوئے فلک — چادرِ سرخ میں لپٹی ہے فضا پھاگن کی

پھوٹ کا رنگ نہ باقی رہے اس میں زراد
حق میں یہ ہند کے ہے دل سے دعا پھاگن کی

نظم بہ حالاتِ ہند

ہمیں بالکل نہیں معلوم کرتے ہیں فغاں کیونکر — سمجھ میں کچھ نہیں آتا سنائیں داستاں کیونکر
تباہی ہی تباہی دیکھتے آئے ہیں صدیوں سے — ابھی تک تن میں باقی ہے یہ جانِ ناتواں کیونکر
گرا کرتی ہیں ہند پر ہی بجلیاں نا اتفاقی کی — بچے گا چرخ کے نیچے ہمارا آشیاں کیونکر
ضرورت ہے تو اس کی ہو نشیمن پہلے بجلی سے — سمجھ ہم بعد میں لیں گے کہ بنتا ہے مکاں کیونکر
نہ پھیرو منہ بڑھے جاؤ یہی ہے راز جینے کا — پلٹ کر آئے گی افسوس عمرِ رائگاں کیونکر
نظر بندی زباں بندی ہماری لاکھ ہو جائے — لگی ہے آگ سینہ میں نہ نکلیگا دھواں کیونکر

دوا ہو جائے گا شیر و شکر آپس کا ہو جانا
مٹیگا پوچھتے ہو تم اگر درد نہاں کیونکر

مسلماں اور فرقے بھی ہائے گھر کے بندش ہیں
ہٹایا پوسے جائیگا سنگ آستاں کیونکر

گہر لو پھوٹ کی کھیتی کو جو سینچیں گے دنیا میں
رہیں گے باغ عالم میں وہ فرحاں و شاداں کیونکر

جب اہل ہند آپس ہی میں ستم پیرا صف آرا ہوں
زمانہ میں نہ جاگے گا نصیب دشمناں کیونکر

خداوندا مدد کرنا کہ ہم بھٹکے ہیں رستے سے
ٹھکانے جا کے پہونچیگا ہمارا کارواں کیونکر

سنائے تو نے اے آزاد اپنی داستان غم
بکا و نالہ میں آئیں بھلا رنگینیاں کیونکر

گوداوری

تو ہے عالم میں عیاں گوداوری
تیرا کرنا ہے بیاں گوداوری

چاند میں - آتیں ترا آب رواں
یہ نہ بھولوں گا سماں گوداوری

نور ماہ اور تیرے پانی کی صفا
رشک رنگ گلرخاں گوداوری

ہوں مخاطب تجھ سے کرنا ہے مجھے
حسن کا تیرے بیاں گوداوری

کس سے نسبت دوں تجھے برسات میں
ہے پری اک پرفشاں گوداوری

یوں تو صدہا دہر میں با آب و تاب
بہ رہی ہیں ندیاں گوداوری

برہمہ پترا سندھ و گنگ و جمن
رود کرشنا بھیماں گوداوری

مانجرا کاویری دریا و سوں
سب ہیں تیرے مدح خواں گوداوری

بیاس و ستلج راوی و جہلم چناب
اور بھی ہیں ندیاں گوداوری

یہ تو ہیں تیری سگی سب ہند میں
ہند کی پر تو ہے ماں گوداوری

تجھ سے ہے سیراب یہ خطہ تمام ہے دکن کی جانِ جاں گوداوری
تیری نہروں میں نہاں قوت کا راز ہو کے بوڑھی ہے جواں گوداوری
تجھکو ہوگی یاد سن آزاد سے اک پرانی داستاں گوداوری
فخرِ شاہانِ جہاں بھگوان رام تیری تٹ آئی تھی یاں گوداوری
رام لچھمن جانکی بن باس میں مختصر سا کارواں گوداوری
آبرو رگھوبنس سے رشیوں کا تو تھی بنی دارالاماں گوداوری
ان کا چرنامرت تجھ میں اب بھی ہے ہند کی تو ہی جاں گوداوری
رام کے چرنوں کی اور سیوا تری ایک ہی ہے بیگماں گوداوری
آ گئے جینے جو دہرم آباد ہم نیکی تو سائباں گوداوری
ہیں یہاں جبتک میں لطف اندوز ہم تو کہاں اور ہم کہاں گوداوری

ڈنڈوٹ آزاد کی کرے قبول
ہے وہ سر برآستاں گوداوری

مچھروں کی شکایت

کیا کہوں میں مچھروں کی شان میں مجھ کو دیوانہ بنایا آن میں
باؤلے آدم ہوئے اور انسے ہم فرق کیا ہے مچھر اور شیطان میں
کوئی تو منڈلا رہا ہے ناک پر کاٹتا ہے کوئی چھپ کر ران میں
ہاتھ پر چمٹا ہوا ہے کوئی تو کوئی تو ہے بھنبھناتا کان میں
باغ میں کھیتوں میں قبضہ ان کا ہے جمع ہیں خرمن پہ یہ میدان میں

ان سے کوئی بھی جگہ خالی نہیں — بھر گئے ہیں حجرہ و دالان میں
پشہ ہمقدار کہتے ہیں اسے — یہ مقولہ جھوٹ ہے ایران میں
تھان کے ٹڈی نہ سمجھیں انکو آپ — کودتے ہیں جاکے یہ میدان میں
ہوگئیں سب سرخ خوبانِ فرنگ — یہ جو پہونچے جاکے انگلستان میں
پھیر کر بھاگے نمازی سب سلام — یہ جو پہونچے خانۂ ایمان میں
ہے عجب کچھ مصلحت اللہ کی — دیں گے جب آواز آکر کان میں
رو دیے گر جرمنی کو کم پڑیں — مچھروں کو بھیجدیں تاوان میں
گھیرتے ہیں آکے جب انسان کو — آدمی رہتا نہیں اوسان میں
شام کی آمد سے گھبراتا ہوں میں — جاں نہیں رہتی ہے باقی جان میں
سب نے مل کر شب میں جب نرغہ کیا — چھپ گئے آزاد مچھردان میں

بموقع ہندو سوشیل کانفرنس حیدرآباد

ہم کون تھے کہ بہر سے تھے کہاں ہیں ہم — اک یادگارِ قافلۂ رفتگاں ہیں ہم
یکتائیوں پہ نازِ سلف کے عبث ہے آج — مانا جہاں پہ چھائے ہوئے آسماں ہیں ہم
اک دن وہ تھا کہ دہر میں ہم کامگار تھے — عالم میں آج تذکرۂ باستاں ہیں ہم
اک وقت علم و فضل سے اپنے جہاں تھا پر — لیکن زبانِ خلق پہ اب داستاں ہیں ہم
گو مٹ رہے ہیں لاکھ مگر آب و تاب میں — اب بھی زبانِ حال سے پنہا بیاں ہیں ہم
منہ کھولدیں کلیدِ عمل سے جہان میں — خزینوں کی دولتوں کے اگر پاسباں ہیں ہم
ہم میں نہ اتفاق نہ ہوتا ہے اور نہ میل — دعویٰ یہ ہے کہ مالکِ ہندوستاں ہیں ہم

آجائیں کاش آج بھی اصلاح حال پر ۔ پھر دیکھیے کہ صورت برق طپاں ہیں ہم
ہستی ہیں دیکھ دیکھ کے اقوام دوسری ۔ پتلے رسوم لغو کے اک بےگماں ہیں ہم
یارب ہماری ڈوبتی نیا کو پار کر ۔ اب زیر مشق چرخ پئے امتحاں ہیں ہم
کیونکر ترقیاں ہمیں دکھلائیں اپنا منھ ۔ بھائی تو بھائی باپ سے بھی بدگماں ہیں ہم
لب پر صدا ہو صدق سے افراد قوم کے ۔ رہبر ہیں پیشوا ہیں وطن پاسباں ہیں ہم
ہو جائے قوم دودھ سی ہندی ملی ہوئی ۔ لائے وہ دن کہ سب یہ کہیں یک زباں ہیں ہم
کھیتی ہری دکھائیں زمانہ کو قوم کی ۔ سمجھے ہوئے ہیں اپنے کو گر قلبہ راں ہیں ہم
سینچیں چمن کو قوم کے اصلاح حال سے ۔ اپنے کو جانتے ہوں اگر باغباں ہیں ہم
یارب ہمیں تو ڈال زمانہ کی راہ پر ۔ بھٹکا ہوا ہو راہ سے وہ کارواں ہیں ہم
جھگڑے مٹاؤ چھوت کے اے رہبران قوم ۔ اس بے پناہ آگ سے آتش بجاں ہیں ہم
منظور عرض حال ہے یاں قوم خستہ کا ۔ مقصود یہ نہیں ہے کہ رنگیں بیاں ہیں ہم

آزاد یوں تو عرض ہیں اپنی خرابیاں
کس کو سنائیں حال کہ خود ہی بیاں ہیں ہم

بموقع جلسہ سالانہ اتحاد العمل

کیوں نہ ہو پر لطف رنگین داستان انجمن ۔ اپنی ہستی جب کہیں خود بانیان انجمن
دیکھ لیں تصویر قومی حالتوں کی آپ آن ۔ نقش چینی کھینچتا ہے فاہیان[۱] انجمن
اس کی خوشبو پھیل جائے چار دانگ قوم میں ۔ فرح بخش قوم ہو یہ بوستان انجمن

۱؎ ایک چینی سیاح

فرد فرد انجمن ہو کارواں سالار قوم — کارواں سالار ہو یہ کاروانِ انجمن
باعثِ عز و تفاخر ہوں یہ ستارانِ قوم — ذات سے ہے جن کے پیدا آج شانِ انجمن
محمل قومی کھنچیگا ناقۂ لیلے کی طرح — سارے قیس قوم ہوں گر سارباں انجمن
انجمن اپنی نہ ہوگی پیشوائے قوم کیوں — راجہ شیوراج ہوں جب پاسبانِ انجمن
شکریہ احباب کا جلسہ میں جو آئے ہیں آج — جمع ہیں محفل میں اپنے دوستانِ انجمن

یہ دعا آزاد کی مقبول ہو گی ایکدن
قوم کے سب بھائی ہوں گے ممبرانِ انجمن

بموقع یادگار سالگرہ سالانہ شیوراج دھرمونت

ہے نکہت کو لئے گل کی بڑے بوستاں پیدا — چمن میں کس لئے ہے آج شورِ بلبلاں پیدا
گلِ خندانِ قومی راجہ شیوراج اپنے تھے — کہ جن کا باغِ قومی میں ہے اک نام و نشاں پیدا
بتائیں ہم زمانہ کو خلف ہیں ان کے ہم جیسے — ہوئے ہیں ان کے ہر فرزند بہر امتحاں پیدا
انہی کی نور پاشی سے تھا سارا خاندان روشن — زمانے نے کیا ان کو تھا فخرِ دودماں پیدا
گئی وہ تمکنت ساری کہ ان کے ساتھ آئی تھی — ہے اک ہجوم سا اب تو غبارِ کارواں پیدا
خس و خاشاک کا ہے اب اپنے باغ رنگیں میں — چمن میں جس جگہ ہوتی تھی شاخ زعفراں پیدا
جہاں برگ گل تر تھے وہاں اب خشک پتے ہیں — رگ گل جس جگہ پر تھی وہاں ہیں استخواں پیدا
کبھی اپنا بیاباں بھی پر از گلہائے رنگیں تھا — کہیں سوسن کہیں سنبل کہیں تھی ضیمراں پیدا
کسی کی کیا شکایت ہو کہ قسمت اپنی الٹی تھی — کہ بھڑکی آگ ایسی کہ اب تک ہے دھواں پیدا
اٹھادے آنکھ سے اپنے خدایا پردۂ غفلت — ہٹا دے جلد تو اسکو جو ہے خوابِ گراں پیدا

سنو اے کاروان والو تم اسکو جذب کر لینا
نظر جس ریگ پر آتا ہو نقش ساربان پیدا
قدم اُٹھنے نہیں پاتا ہمارا دل کی کلفت سے
وگرنہ نظم میں کرتے بہت رنگینیاں پیدا
جہاں جبتک ہے یاد آتی رہیگی ذات والا کی
ہماری نسل میں ہوتے رہیں گے نوحہ خواں پیدا
بہت مشکل ہے اب آزاد کنبہ پروری ایسی
کہاں ہوتی ہیں عالم میں پھر ایسی ہستیاں پیدا

برائے جلسہ دہرمونٹ اسکول

احساس کی رسائی سے برتر ہے شانِ علم
کس طرح سے بیاں میں کروں داستانِ علم
ٹکرا کے سر کو چھوڑ چکے طالبانِ علم
خاکِ لحد کی جزو ہوئے عاشقانِ علم
راہ طلب میں علم کے کاٹی تمام عمر
منزل کو اپنے پا نہ سکا کاروانِ علم
معلوم کرتے جاؤ یہ ہے کائنات کیا
ممکن نہیں کہ پاؤ حدِ لامکانِ علم
کوئی وہ چیز ہو تو کہیں علم ہے یہ چیز
حدِ خیال مان لیں ہے آسمانِ علم
ہے قطرہ قطرہ آب کا اک بحر بے پناہ
ہے ذرہ ذرہ خاک کا اک داستانِ علم
اک گوشۂ خیال ہو کونین جس جگہ
وسعت دکھائے کیسے وہاں آشیانِ علم
اے ناخدا سنبھال لے طوفان جہل سے
کشتیٔ عمر پار کرائے بادبانِ علم
اے طالبان علم سنو راہ علم میں
رخشِ خیال اپنا چلے ہمعنانِ علم
کب تک کہو گے حضرت آزاد چپ رہو
احساس کی رسائی سے بڑھ کر ہے شانِ علم

بموقع سالگرہ دلبند نورِ چشم وکرم بلی طول عمرہٗ

بہار افزا فضائے یاسمیں ہے — مسرت ہر رگِ دل کے قریں ہے
پتہ افسردگی کا اپنے دل میں — جو دیکھا میں نے کوسوں تک نہیں ہے
مسرت کیوں نہ ہو آزاد حاصل — مئے گلرنگ دورِ ساتگیں ہے
بساط اپنے مکاں کی آج آزاد — نگارِ چرخ ہے یا نقش چیں ہے
لیکن جی رشک عیسیٰ سے ہمارا — چہارم آسماں جس کی زمیں ہے
بڑھے ہر لحظہ ہر دم عمر و اقبال — دعا دل سے یہ رب العالمیں ہے
میرے لختِ جگر وکرم بلی کا — یہ جشن سالگرہ اولیں ہے

بموقع سالگرہ نورِ چشم راج کرن بلی طول عمرہٗ

سالگرہ کرن بلی ہے آج — اپنے دل کی کلی کھلی ہے آج
سال نو کا کرن کے جلسہ ہے — جشن جس کا گلی گلی ہے آج
حسن کا بن کا دیکھ کر بڑھتا — شمع دل میں بہت جلی ہے آج
ہم نے پوتوں کی دیکھ لیں خوشیاں — یہ بڑوں کی دعا پھلی ہے آج
ابرِ شب گوں فلک پہ چھایا ہے — واہ رت کس قدر بھلی ہے آج
ہاں پلا ساقیا مئے گل رنگ — خم میں برسوں سے جو پلی ہے آج
دورِ صہبا چلے سن اے ساقی — طبع زنداں میں کھلبلی ہے آج
محوِ جشن آفتاب ابر میں ہے — دھوپ ٹھنڈی ہی ہو ملی ہے آج

اہل محفل کے لطفِ آمد سے   خوش ہوا گورسرن بلی ہے آج
نظم کے بادکش ہے بہن پر ،   میمنت کی ہوا جھلی ہے آج

بموقع سالگرہ نور چشم ورن کمار نبسۂ خورد خود

سبزہ و ابر و نو بہار ہے آج   ہر زمیں رشکِ مرغزار ہے آج
لبِ ساقی بھی نغمہ بار ہے آج   مے کدہ میں بڑی بہار ہے آج
سالگرہ ورن کمار ہے آج

حسن و عیش میں کوئی کد نہ رہی   غیر مدرک کی کوئی حد نہ رہی
جبکہ تشکیل نیک و بد نہ رہی   فرطِ مستی کی کوئی حد نہ رہی
لطف مے پر نشہ سوار ہے آج

مے کہنہ یار تند خو بنکر   آب و گل آئے ہیں سبو بنکر
رگ جاں میں ہے مے لہو بنکر   خم صہبائے مشک بو بنکر
ابر باراں بھی قطرہ بار ہے آج

مے مستی فزا منگا ساقی   تیرے صدقے میں جلد لا ساقی
دم بدم پے بہ پے پلا ساقی   ہوش میرے نہیں بجا ساقی
سر سے اونچا چڑھا خمار ہے آج

میکدے کو جو اک گلی تھی چلی   لے کے زندہ دل کو بکلی تھی چلی
رات وہ اس کیا کہوں کھلی تھی چلی   خم میں برسوں سے جو پلی تھی چلی
دل یہ اسپر مرا نثار ہے آج

خم پہ خم وہ چڑھائے جاتے ہیں — بے نقط اودکھیاں سناتے ہیں
بعض ہنستے ہیں بعض گاتے ہیں — رند پھولے نہیں سماتے ہیں
مے کدہ پر جو اختیار ہے آج

میکشی پر جھکے ہیں جب میکش — روکنے سے رکے ہیں کب میکش
پی گئے اس قدر ہیں اب میکش — فرطِ مستی سے چپ ہیں سب میکش
بزم رندان پردہ دار ہے آج

میرے داماد میری دختر کو — اور ہر فیملی کے ممبر کو
ان کے ہر دوست اور ہمسر کو — ہو مبارک یہ جشن گھر بھر کو
بہجت بزم کامگار ہے آج

اب یہ حسنِ بیاں کہاں آزاد — باندھ دے اس طرح سماں آزاد
ختم کر اپنی داستاں آزاد — کون باقی ہے قدرداں آزاد
گل زمانہ میں مثل خار ہے آج

بموقع سالگرہ تلجا پرشاد چچا جنار دھن چند برادر نسبتی

دکھا رہی ہے یہاں پر بہار سالگرہ — دعا ہے دل سے کہ ہو بار بار سالگرہ
یہ یار کہتے ہیں یاروں سے یار سالگرہ — کہ یار کی ہے بہت پر بہار سالگرہ
عجیب کیف مدام ہے تیری صہبا میں — کہ ایک سال ہے رہتا خمار سالگرہ
جمایا یاروں نے جلسہ شبینہ باراں پر — جو فضل حق سے ہوئے قطرہ بار سالگرہ
یہ جشن ہائے محبت زباں سے کہتے ہیں — محبتوں کی ہے آئینہ دار سالگرہ

خلوص تھا کہ گلے سے گلے ملی ہیں آج — ہوئی ہیں سالگرہ پہ نثار سالگرہ
چچا کی پرسوں تھی سالے کی آج ہے آزاد — ہمیں تو دونوں ہی ہیں خوشگوار سالگرہ
کیا نہ سالے نے یاد اور چچا نے یاد کیا — گئی ہی بھول یہ سالے کی یار سالگرہ
گلہ نہیں ہے یہ ہے اک شکایت رنگیں — کہ مے پرست ہیں ہم مے گسار سالگرہ
ہزاروں سالگرہ ہوں جہاں میں دونوں کی — فضا میں باندھ دے لمبی قطار سالگرہ

گلوں سے نظم کے ہے مشک بیز اے آزاد
بہ شکل نافۂ مشک تتار سالگرہ

بوقت کمی قیمت قند سیاہ

ہے مبارک یہ شادی بلرام — جس میں سستی ہوئی مئے گلفام
شکر ہے لاکھ لاکھ للو کا — کہ کئے لطف خاص سے کم دام
ساتھ ہی رنگ گل ہے آغاز — کیوں نہ رندوں کا نیک ہو انجام
اب نہ جائیں گے ہم تو کاشی کو — کھول ڈالیں گے جامۂ احرام

لطف جب ہے پلائیں للو مفت
زر سے آزاد کو بھلا کیا کام

موقع شادی رشتہ شکن

نہ رکھیں نام کو رشتہ حیا سے — نہ کھائیں خوف کچھ قہر خدا سے
ممیرے بھائی کو دیں اپنی لڑکی — وہ کھلائیں گے پھر کیونکر نواسے

یہ اپنے شودروں سے بڑھ کر ہیں اعمال — بھتیجی کی جو شادی ہو چچا سے
زمانہ آ گیا نانا کو بینگن — بجائے پنڈ دینگے اب نواسے
بہن کے بن گئے سمدھی مزیلے — نہ آئی شرم بوڑھے منھ دہاسے
کہیں کیا شاستر کے حکم اُن سے — مباحث میں جو لڑتے ہوں ہوا سے
سپنڈی پا کئی نسل و دجاں تھی — وہ ٹھکرائی گئی اب نوک پا سے
وہی ہے برن سنکر اس جہاں میں — جو ویدوں کے ہٹا ہے نقش پا سے

مزے دنیا میں ہیں دو دن تو آزاد
مصیبت عاقبت میں ہو بلا سے

مسلسل دعوتوں میں طوطک پکنے پر

ہے قوم میں غل پکاؤ طوطک — کھاؤ تم یا نہ کھاؤ طوطک
لقمی ہو کبھی شکم پُر — گاہے ماہے پکاؤ طوطک
ہوتے ہیں ثقیل چستگی سے — ہر روز نہ آپ کھاؤ طوطک
ہینٹنٹ ہوئے برادری میں — سالم ران اور پلاؤ طوطک
اینٹھیں گے وہ پیٹ میں پہنچ کر — کھا جائیں کبھی جو تاؤ طوطک
کیونکر نہ ہو قوم اس سے بیزار — گر روز پکے پلاؤ طوطک
رنجیدہ نہ اہل قوم ہو جائیں — آگے سے نہ تم اٹھاؤ طوطک

آزاد اگر ہیں تنگ اس سے
ان کو نہ فقط کھلاؤ طوطک

نوحہ محل اوّل بلرام بلی طولِ عمرہٗ

میں جہاں میں شاد یا ناشاد تھا — خانۂ دل پر مرا آباد تھا
پا چکا تھا رنج و راحت سے نجات — زندگی اور موت سے آزاد تھا
اتنی جلدی چھوٹ جائیگی بہو — روزِ اول کب یہ مجھکو یاد تھا
چل بسی دن ماہ میں میری بہو — جس سے گھر بلرام کا آباد تھا
سینہ میرا ہو گیا گر غم سے چاک — مقتضائے شیون و فریاد تھا
پیچھے سنکر مرے پھونکا قفس — کس قدر پتھر دلِ صیاد تھا
خانہ آبادی جسے سمجھے تھے ہم — آہنی اک خانۂ فولاد تھا
مرگِ نو عمری فنائے زندگی — یہ کوئی دستِ ستم ایجاد تھا
جس نے بنا گھر مرے بچے کا ہائے — دورِ چرخِ خانماں برباد تھا

بھاگتی تھی موت مجھ سے اس لئے
مبتلائے رنج و غم بہ آزاد تھا

بہ جلسۂ ترک مسکرات

جو بطن معدہ بطِ مے کا آشیاں ہو جائے — جگر ہو معدنِ خوں چشم خوں چکاں ہو جائے
اگر شراب کہیں ہم سے ہم زباں ہو جائے — جو راز داں نہیں اپنا وہ راز داں ہو جائے
اسے فلاکت و عسرت کی کیا کمی ہو گی — کوئی کلال کسی پر جو مہرباں ہو جائے
جگر میں آگ لگائے جو مے کی چنگاری — ہے نورِ رخ پہ جو وہ نور سے دھواں ہو جائے

جو پی پلا کے کوئی رند گھر پہ آ جائے
بدل کے شور مسرت وہیں فغاں ہو جائے

خدا کی ہے یہ امانت نہ چاہ اسے میکش
ہلاک وقت سے پہلے ہی تیری جاں ہو جائے

خدا کو صبح قیامت جواب کیا دے گا
خبر نہ ہو جسے اور صبح کی اذاں ہو جائے

عذاب مفلسیٔ خانہ ہائے مے نوشاں
جو حال دیکھ لے قارون تو نوحہ خواں ہو جائے

خدا کرے کہیں ایسا ہو آتش سیال
خود اپنی آگ میں جل بجھ کے اک دھواں ہو جائے

یہ مے وہ آب ہے بہہ جائے خانداں سارا
ہلاک آتش صہبا سے خانماں ہو جائے

ہمارے ملک سے مفقود ہو گی مے نوشی
جو ہم پہ فضل خداوند انس و جاں ہو جائے

ہمارا ملک ہو دنیا کا کارواں سالار
ہر ایک فرد جو سالار کارواں ہو جائے

سمٹ کے آئے جہاں ترک مے کی چادر میں
بسیط ایسی یہ دنیا میں طیلساں ہو جائے

دعا ہے دل سے یہ آزاد قوم ہوش میں آئے
نشاط بادہ کشی وقف دشمناں ہو جائے

بموقع تصفیہ باہمی

اے بہار باغ دوراں آشتی
ہے جہاں پر تیرا احسان آشتی

آپ اپنی دیکھ کر رعنائیاں
بن گئی ہے چشم حیراں آشتی

دو جہاں ہے یہ عناصر ہی کا میل
ذرہ ذرہ میں ہے پنہاں آشتی

صلح ہوتا ہے نتیجہ جنگ کا
مار ہی لیتی ہے میداں آشتی

ہے یہی عالم میں اکسیر نفاق
درد رنجش کا ہے درماں آشتی

دو جہاں کا ذرہ ذرہ بالیقیں
مانتا ہے تیرا فرماں آشتی

امن کی بنیاد ہے دل کا سکوں · جی میں ہے ہوں تجھ پہ قرباں آشتی
تو نمایاں ہے انہیں میں جنہیں کچھ · ہے جھلکتا نورِ ایماں آشتی
ہے متاعِ ارتباطِ جسم و جاں · جنسِ الفت کی ہے دکاں آشتی
اتصالِ برق و سنگ و آب ہے · بن کے آئی شمعِ خنداں آشتی
تو ہے وجہِ انتظامِ کائنات · کیوں نہ ہوں ہم تجھ پہ نازاں آشتی
سمِ قاتل ہے پئے جنگ و نفاق · یوں تو ہے تو آبِ حیواں آشتی
ہو نہ سکتی مارِ گنجِ حسن وہ · گر نہ کرتی زلف پیچاں آشتی
دورِ ہستی میں فقط تیرے لئے · ابرِ رحمت ہے یہ انساں آشتی
پھول تیرے اپنے گلشن میں کھلیں پر · دل میں ہے یہ اپنے ارماں آشتی
آ کے رہ شیو راج کے گھر جاوداں · ہم تجھے کرتے ہیں مہماں آشتی
عہد ہے یہ دھرم محبوبِ ہراج · تیرا چھوڑیں گے نہ داماں آشتی

سچ ہے اے آزاد اس آفاق میں
صرف ہے راحت کا ساماں آشتی

ادھیلی[5]

چاچا نے ڈبوئی مری ہیہات ادھیلی · تھی کون سی دنیا میں بڑی بات ادھیلی
ہولی کے پیارے کی تھی سوغات ادھیلی · یاد آئے گی اب وہ مجھے دن رات ادھیلی
ہولی میں ملا کرتی تھی پنڈتوں سے مجھے جو · بھولوں میں وہ کس طرح سے حضرات ادھیلی
کہنے کے لئے یوں تو حقیقت نہیں اس کی · رشتہ میں ہے وہ باعثِ درجات ادھیلی

[5] تہوار ہولی پر اعزا اقربا وغیرہ کی دعوت ہوتی اور کچھ نقد نذر کیا جاتا ہے چچا ملا پرشاد صاحب میرے والد کے ماموں ادھیلی ...

تو ئی چھپ کے جو کا کا کے لگے بیٹھ گئی ہے — جو تو رے بنا مورا ہے گھبرات ادہیلی
دولت نہ تھی دنیا کی وہ رشتہ کے عوض میں — ملتی تھی فقط اک پے اثبات ادہیلی
بابا کے زمانہ کی مٹی کوئی نہیں چال — ہاں اپنی مٹی باعث برکات ادہیلی
خود ڈوب گئی ساتھ میں عوت ہے ڈبوئی — آزاد سے کرتی گئی یہ گھات ادہیلی
شاید انہیں بہکا دیا تیری ہی چمک ہے — چاچا پہ چڑھا کس لئے سہمات ادہیلی
دنیا پہ تری شکل پہ بیخود ہے مٹی ہے — تیری بھی عجب کچھ ہے کرامات ادہیلی
ممکن نہیں چاچی نے نہ دینے کو کہا ہو — ہے وہ تو سمجھتی ہیں خرافات ادہیلی
حق قوم دلانے کو جو آما وہ ہوا آزاد — آجائے گی پھر بھر مکافات ادہیلی
چار آنے جو جیون کے تھے چار آنے چچا کے — دکھلاتی ہے ازروے حسابات ادہیلی
ڈٹی وہ ہوئے تھے مرے جاگیر کے مد میں — آئے نہیں اس فصل پہ کیا بات ادہیلی
دفتر میں ہوئی چار کے صرفہ کے عوض میں — شاید ہو ہوئی قبلہ حاجات ادہیلی

بپاس خاطر نورِ چشم راج کرن بلی بموقع دھرمونت ویک

وہ نغمے سنائے دھرمونت ویک — وہ جلسے رچائے دھرمونت ویک
کچھ ایسے مشاغل میں مصروف رکھے — ہمیں کام آئے دھرمونت ویک
بنیں راستی و راد رو قوم والے — وہ رستے دکھائے دھرمونت ویک
وہ طفلاں قومی کو تعلیم دے کر — ترقی پہ لائے دھرمونت ویک
غنی فکر دنیا سے ہم ہوں جہاں میں، — کچھ ایسی دکھائے دھرمونت ویک
دعا ہے یہ دل سے کرن کی جہاں میں — ہر اک دل لبھائے دھرمونت ویک

موقع سالگرہ چہارم نورچشم و کرم بلی طول عمرہ

نورچشم جان جانم بکرم است — مثل ماہ چاردہ در عالم است
در فضائے بزم جشن چار میں — یک جہاں از فرط بہجت خرم است
سال شد آرام بس انساں را — فرض شکر کردگار عالم است
عمر و اقبالش خدا یا بیش باد — نورچشم نورچشم اعظم است
بہر گلبوشیش گلہائے جہاں — صد سبد باشند اگر انہم کم است
قلقل مینا دود در ساتگیں — گردن خم ہا بہ بزم ما خم است
نیست در بزم طرب افزائے ما — ایں مقدر ہیں پئے جام جم است
کامران اولاد اولادم بکرد — ایں دعائے خاص اب جدم است
کامران اولاد اولاش کناد — بہر پوررم ایں دعائے ما ہم است

در زبان پہلوی آزاد بہم
شاعرے از شاعراں اکرم است

خدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی

غم دنیا خیال سے سرکے — ساقیا جام مے پلا بھر کے
اب نظر آرہا ہے قصر امید — سختیاں منزلوں کی طے کرکے
ہم کو افسر ملا ہے بندہ نواز — کیوں نہوں سا ہم دھنی مقدر کے
جاں سے جسکو عزیز ہو عملہ — ہم تو قائل ہیں ایسے افسر کے

ملکیوں پر دہ رحم کیوں نہ کریں — کامراں جب ہیں لوگ باہر کے
تم نے مجھ کو پناہ دی صاحب — کیوں قدم لوں نہ بندہ پرور کے
پیٹ انسان کا ہے اک محشر — ہم تو قائل نہیں ہیں محشر کے
جان بچالی ہے آپ نے میری — زندگی پھر ملی ہے مر مر کے
ایک تیرے ہی تم نہیں حامی — بندہ پرور رہو سارے دفتر کے
اس چمن سے بہت گل تر کی — جھولیاں لیگئے ہیں بھر بھر کے
میں ہوں لے باغباں تہی دامن — کچھ ورق پھینکدے گل تر کے

تھے جو خادم جہان میں آزاد
ہوئے مخدوم خدمتیں کر کے

خدمت مولوی محمد حسن صاحب بلگرامی صدر محاسب سرکار عالی

جو وعدے کا ہوا برسایہ فگن، — نہ کیوں دل کھلے صورت یاسمن
میں حاضر ہوا ہوں اسی آس پر — سنا ہے کہ ہوتا ہے پاس وطن
اعانت کی امید ہے آپ سے — توقع پہ حاضر ہوا گو رسن
کسی طرح حاصل ہو شرف نیاز — بہت دن سے مجھ کو لگی تھی لگن
سو پوری ہوئی آرزو شکر ہے — شگفتہ ہے دل صورت نارون
وطن میں تھا امداد یاراں پہ ناز — یہاں آکے سب مٹ گیا بانکپن
تلاش معیشت میں گھوما کیا — پڑیں افتادیں بہت دلشکن
میری شام غربت مبدل ہوئی — بہ الطاف خالق ز صبح وطن

علی الولی کی عنایات سے — ملاتے گئے مجھ کو تم سے حسن
دو نقطی ہو گر حکم درخواست پر — تو تعمیل ہو جائے گی من و عن
دعا ہے مری تا بہ یوم النشور — مددگار ہوں آپ کے پنجتن

نکل جائے گا کام آزاد کا
تلطف کریں گر محمد حسن

خدمت نواب فصیح جنگ بہادر معتمد مالگزاری

المدد المدد فصیح الدین — چرخ مجھ سے ہوا ہے برسر کین
رنج و آلام سایہ گستر ہیں — غم دنیا سے دل کی ہے تزئین
میں ہوں آفات دہر کا مرہون — دور دوراں نے کر لیا ہو رہین
آتش جوع ہے عذاب النار — کام آتی نہیں کوئی تلقین
جمع تنخواہ ہے خزانہ میں — جس طرح سے فلک پہ ہیں پروین
حال دل کس طرح میں عرض کروں — بے وسیلہ ہوں کیسے آؤں قریں
ایں گریباں گرفتہ آن دامن — سگ درباں کا ہے یہی آئین
آپ ہیں حق شناس فیض رسان — آپ ہیں کام بخش و مہر آگیں
آپ کی ذات ہے ستودہ صفات — آپ دے سکتے ہیں مجھے تسکیں
کس طرح سے ادا کرے سرکار — مجھ سا ناچیز آپ کی تحسیں
آپ کی گردش قلم ہے مجھے — رزق کی شکل میں بہشت بریں
فرد زیبائے سلطنت ہیں آپ — صیغۂ مال کے ہیں رکن رکیں

بیسیوں عرضیاں ہیں دفتر میں — مندرج کیفیت بہ طرز ہمیں
ہیں سپرد وہ حکم عالی سے — وجہ اس کی فقط ہے بخت لعیں
کیفیت دیکھ کر کے دیں سرکار — واجبی منصفانہ رائے متیں
پیش عرضی ہے کیفیت کے ساتھ — چاہتی ہے وہ حکم کی تزئیں
روز افزوں ہو آپ کا اقبال — نور افشاں ہو مثل ماہ مبیں
ہاں بھلا کر تیرا بھلا ہوگا — ہے یہ درویش کی صدائے حزیں
اک اشارے میں پار ہے سرکار — ناؤ میری نہیں بہت سنگیں

یہ دعا گو ہے خاص ہے آزاد
تا قیام نفوس بانہ بسیں

بوقت منتقلی خود از یک محکمہ بہ محکمۂ دیگر

لطف کا گر ہو اشارہ سرکار — کام بن جائیے ہمارا سرکار
کون ہے سمت میں میرا پرساں — اک تمہارا ہے سہارا سرکار
اپنے خادم کے کسی نقصاں کو — نہیں کرتے ہیں گوارا سرکار
ٹوٹ ہو نام کہ موقع یہ کہیں — بچ نہ جائیں مرے بارا سرکار
مجھ سے ناچیز میں جرأت وہ کہاں — دم زدن کا نہیں یارا سرکار
جرأت و عرض مکرر کا سبب — لطف و اکرام تمہارا سرکار
منتقل کیجئے موقع یہ سب مجھے — اب کہوں گا نہ دوبارا سرکار
نظم بھی شعبہ انشا ہے حضور — اس لئے دل نے ابھارا سرکار

جرأت نظم کو آزاد سنا
بخش ہی دیدۂ تمہارا سرکار

بخدمت مکرم بندہ جناب رائے شنکر پرشاد صاحب بموقع ترقی

بہ صدر محاسبی سرکار عالی

خوش کن جب ہو خدا کی رحمت — دل پہ کس طرح نہ چھائے فرحت
مالک ارض و سما ہے وہ ذات — وہی انساں کا ہے رب العزت
وہی محنت کا ثمر دیتا ہے — جس نے حرکت میں رکھی ہے برکت
مایۂ ناز ہیں شنکر پرشاد — دل میں ہے قوم کے ان کی وقعت
رحم و انصاف میں ہیں فخر جہاں — اوج پہ کیوں نہ ہو ان کی قسمت
اب وہ ہیں صدر محاسب ملکی — اس سے بڑھ کر ہے ان کو خدمت
ان کا درجہ ہو دو بالا یارب — ان کی دونی ہو خدایا حشمت
ان کی توقیر ہے ادنیٰ توقیر — جاگزیں جن کے ہے دل میں نخوت
ہیں دعاگو سے ترقی احباب — عمر و اقبال بڑھے اور شوکت

عوض شکر و جہہ ثنا خوانی میں
اب ہے آزاد کی باقی عزت

خدمت مولوی محبوب علیخاں ناظم اسٹیٹ

فکر میری یہ نہیں عیش کے ساماں کیلئے
عرض کرنا ہے فقط درد کے درماں کے لئے

اس نے آدم کو بھی جنت سے نکلوایا ہے
کیوں نہ دوزخ ہو شکم حضرت انساں کے لئے

ہو کے مجبور دل و جاں سے ہوا ہوں حاضر
دقت امداد ہے اس حال پریشاں کے لئے

طالب حق ہوں رعایت کا طلبگار نہیں
لائق بار نہیں دوش یہ احساں کے لئے

اک نگاہ کرم و فیض کی حاجت ہے فقط
شمع درکار نہیں گور غریباں کے لئے

کیا کہوں کس سے کہوں حال پریشاں اپنا
تار باقی نہیں اب ایک گریباں کے لئے

حال ہو جائیگا خود آپ پہ ظاہر میرا
نور مطلوب ہو کیوں شمع درخشاں کے لئے

ہاتھ میں آپ کے جب حق نے دیا حق عباد
شرط انصاف ہے ہر حال پریشاں کے لئے

نور انصاف پہ ٹھہریں نگاہیں جا کر
آئینہ سامنے ہو دیدۂ حیراں کے لئے

آپ کے فیض و اکرام کا چرچا ہے سنا
عرض رزاق سے ہو وسعت داماں کے لئے

معذرت خواہ ہوں ناراض نہ ہوں نظم سے آپ
مجھ کو ٹھنڈک سی ملی سینۂ بریاں کے لئے

خوش و دلشاد رہیں پائیں ترقی آزاد
ہے دعا دل سے یہ محبوب علیخاں کے لئے

در تعزیت ڈاکٹر سر اقبال سیالکوٹی

ہر قوم چاہتی ہے ہو آشیاں ہمارا
ہندوستاں نہ ہو کیوں رشک جہاں ہمارا

دور فلک نے اس کی گو دھجیاں اڑا دیں — لہرا رہا ہے اب تک لیکن نشاں ہمارا
بتلا سکے نہ جگ کو ہندی ہیں بھائی بھائی — ثابت نہ کر سکا یہ طرز عیاں ہمارا
ہم متحد جو ہوتے شیر و شکر کی صورت — کرتا نہ بال بیکا دور زماں ہمارا
لاکھوں کھلے یہاں گل یوں ہی ہیں کھلتے — لافانیت کا ڈھانچہ ہے بوستاں ہمارا
سالار کارواں کا دیتے جو ساتھ مل کر — منزل پہ جا پہنچتا یہ کارواں ہمارا
اقبال کی جدائی اب جانگزا ہے اپنی — باقی نہیں ہے ہم میں تاب و تواں ہمارا
آہوں کا بن کے بادل چھایا ہے آج ہم پر — پنہاں تھا جو ازل سے درد نہاں ہمارا
سر حفظ وطن کا رگ رگ میں اس کے پنہاں — ہم رازداں تھے اس کے وہ رازداں ہمارا
بلبل وہ تھا اسی کا ہم نغمہ زن ہیں جس میں — باغ و بہار دنیا ہندوستاں ہمارا
اسلاف کا ہے مخزن اخلاف کا ہے منبع — یہ سرزمیں ہماری یہ آسماں ہمارا

ہے نو بہار کا اک آزاد پیش خیمہ
کیا کر سکی ہے اب تک باد خزاں ہمارا

بموقع سالگرہ چچا سیتل پرشاد صاحب

بساں لولوئے شہوار برسا جو ابھی پانی — چچا کے سال نو پر چرخ کرتا ہے درافشانی
چمکتی ہیں سمن کی پتیاں الماس کی صورت — چمن میں ہے گل لالہ برنگ لعل رمانی
ہوئے ہیں مست و بیخود گل ہر اک صہبائے نظر — نظر افروز گلشن میں ہوئی ہے انکی عریانی
بڑھا دی ابر باراں نے چمن میں آج رعنائی — تبختر اپنا دکھلاتے ہیں ہر سو سرو بستانی

پچلے دور سے گلرنگ ابر نذر کی محفل میں ۔ بجا ہیں دوست مرغ و دال چہ ملا طک بریانی

مبارک ہو انہیں جلسہ جو آزادی ہے

بچا اپنے ہوں جھگڑا جو چھپی اپنی ہوں جگ رانی

در مدح رای چنی لعل صاحب وکیل ایڈووکیٹ

ہیں فخر طبقۂ وکلاء وکیل چنی لعل ۔ دکن میں فرد ہیں اک بے عدیل چنی لعل

لحاظ کرتے ہیں ان کا عدالتی حکام ۔ کہ بات کرتے نہیں بے دلیل چنی لعل

بچا سوں عقدے کئے وا انھوں نے قانونی ۔ مری سمجھ میں ہیں جیسے عقیل چنی لعل

مواد بحث میں اک بحر بیکراں میں وہ ۔ بحث کی شکل میں ہیں رود نیل چنی لعل

وکیل جتنے ہیں ان سب کے گنے لیتے ہیں ۔ وہ ہیچ تان سے دیتے ہیں ڈھیل چنی لعل

مقابلہ میں ہیں وکلاء کے سد سکندر ۔ موکلوں کے لئے ہیں فصیل چنی لعل

وکیل ہی نہیں پیشہ میں دست صادق بھی ۔ جمال صدق و خلوص و جمیل چنی لعل

نہ اس کو ناز ہو کیونکہ جیت جائے گا ۔ مقدمے میں ہوں جس کے کفیل چنی لعل

خدا کا فضل ہے پھر یہی غنیمت ہے ۔ کہ فیس لیتے ہیں ہم سے قلیل چنی لعل

کہاں سے لائے بہت فیس بنگے آزاد

جو کرتے ہوں تو کریں قال وقیل چنی لعل

بوقت آمد از سفر یورپ راجہ محبوب کرن بہادر آصفجاہی

آشیاں بر سر شاخست زایواں خوشتر — شور بلبل بہ چمن از گلستاں خوشتر
جنبش باد سموم است بہ صحرا موزوں — لغزش پاے صبا گشت بہ بستاں خوشتر
راحت قلب محبان وطن باز آمد — در شبستان وفا شمع فروزاں خوشتر
از سفر آمد محبوب کرن سوے وطن — حب وطنش بود از ملک سلیماں خوشتر
صحتش خوب شد از فیض سفر شکر خدا — چوں کند بادہ انگور بہ مستاں خوشتر

رونق روے زمیں بلبل و گل شد بہزاد
شد عزیزے زپے بزم عزیزاں خوشتر

مبارکباد بتقریب سپرد خدمت بہار صاحب مکرمی جناب رانی ج بہاری
صاحب وکیل ایڈوکیٹ دہلی بموقع آمد حیدرآباد

صبا باغ میں آج اترا رہی ہے — مسرت کی دل پر گھٹا چھا رہی ہے
چمک صدق الفت کی کھلا رہی ہے — محبت محبت سے ٹکرا رہی ہے
جو تھی شاخ اک اپنے شجرہ کی اوجھل — وہ اب صاف ہم کو نظر آرہی ہے
یہ یکرنگی خون اسلاف دیکھو — تماشا حقیقت کا بتلا رہی ہے

توکل گھرانے کی سچی کشش تھی ، دکن تک جو دلی پہ کھنچی آ رہی ہے
سری رام جی کی عنایت ہے بیہپر ہمیشہ سے جو کار فرما رہی ہے
مسرت دسہرہ کی دونی ہو کیوں نہ بچھڑوں کو وہ ہم سے ملوا رہی ہے

مبارک ہو اپنوں کو اپنوں سے ملنا
یہ آزاد ہر سو صدا آ رہی ہے

بموقع جاترائے بھگوان سری چترگپت جی

آج بشک وز فرخ فال ہے دل خوشی سے اپنا مالا مال ہے
کلک اپنا کیوں نہ ہو مانی رقم مست ذوق آتش سیال ہے
دیکھئے نیرنگئ اعمال کو آپ ہی اپنا بچھایا جال ہے
کیوں نہ وہ کہلائے صورت چترگپت ہو گئے جو مثال بے تمثال ہے
کیوں نہ متمکن ہو وہ ہر قلب میں جو جہاں کا کاتب اعمال ہے
شان کثرت ہم سے ہے اور ہم سے ہی عالم وحدت کا استدلال ہے
یہ کتابت نامہ اعمال کی زندگی نو کی سب کے فال ہے
ہے عمل کثرت ناچار و نظر مہر جس کی آنکھ کا اک خال ہے
ہے عمل عکس عمل ورنہ یہاں ایک ماضی حال استقبال ہے
چت میں جب گپت ہونگے سب عمل دو جہاں کا پھر کہاں جنجال ہے
کون سنتا ہے لگا کر اپنے کان بات اپنی آپ در غربال ہے
ہو مبارک جاترائے چترگپت آج کا دن غرہ شوال ہے

خمسه بر غزل حافظ شیراز

خراب بادهٔ لعل تو هوشیارانند

قتیل بر تن ابرو ستم شعارانند ادیب کاکل پیچان سیاه بارانند
شهید تیر نگاهت ز رست نگارانند غلام نرگس مست تو تاجدارانند
خراب بادهٔ لعل تو هوشیارانند

خبر دهست بدلها ز دل که داند راز طلب نه کرد ز دلهائے دهر آنکه نیاز
حقیقت است عیان گشته او بت طناز ترا صبا و مرا آب دیده شد غماز
وگرنه عاشق و معشوق رازدارانند

نگه که پاره کند قلب صورت خنجر بسوخت نور رخش جان چو آتش اخگر
به باغ حسن بر دچون ترا رفیق نظر بزیر زلف دوتا چون نظر کنی بنگر
که در یمین و یسارت چه سوگوارانند

بگرد خون دل لاله جامه اش رنگین شدست روئے شفق از خراش دل خونین
ز جور ہائے تو اندر زمانه نیست همین گذار کن چو صبا بر بنفشه زار ببین
که از تطاول زلفت چه سوگوارانند

ز ذره ذره جهان بسته شد به بین اخوت چو سر نهاد کسے یافت در جهان عزت
که نیست در پے مغرور بیگمان رفعت دلتعب در گذر و بیش ازین مکن نخوت
که ساکنان در دوست خاکسارانند

ہمیں بہ خدمت تو ہست التماس برد — کہ نیست از تو مرا رنجش و ہراس برد

بہ آستان چہارم بنہ اساس برد — نصیب ماست بہشت اے خدا شناس برد

کہ مستحق کرامت گناہ گارانند

پئے ثنائے تو چوں دیگراں گہ ایم بس — بہ باغ حسن تو چوں بلبلے درآیم و بس

ز عہد بستہ خود دیگر گر بر آیم و بس — نہ من بر آں گل عارض غزل سرایم و بس

کہ عندلیب تو از ہر طرف ہزارانند

چو خاک پائے تو گشتم بجان و دل ہمہ تن — زبان خویش ببستم چو صورت سوسن

زمانہ ہست مخالف مرا فلک دشمن — تو دستگیر شو اے خضر پے خجستہ کہ من

پیادہ میروم و ہمراں سوارانند

نظر تو سوئے جہان خراب فانی کن — بہ عیش دادہ خلاق کامرانی کن

تو ترک دیر و حرم کردہ زندگانی کن — بیا بہ کدہ و چہرہ ارغوانی کن

مرو بہ صومعہ کانجا سیاہ کارانند

ز مستی مئے عشق تو ہوشیار مباد — بجز جمال تو پیش نظر بہار مباد

دلے ز بند تو آزاد و رستگار مباد — خلاص حافظ ازاں زلف تابدار مباد

کہ بستگان کمند تو رستگارانند

غزل

در دیار خویش دانم من بہار خویشتن — کس نخواہد دور بودن از دیار خویشتن

آدمم من بعد ازیں اندر تعین حیرت است — چوں بدست ما ز حق شد اختیار خویشتن

در خیال مہوشے می گریم از روز ازل   جز شب تارے نمی بینیم یار خویشتن

احتساب دو جہاں بر نعرۂ منصور چیست   پردہ دستش شد جہاں چوں پردہ دار خویشتن

راز دار خویش ہستم من از خویش چوں   چون بگویم در جہاں من راز دار خویشتن

با سرت دست شستم من ز فردوس بریں   یافتم تا لامکاں را مرغزار خویشتن

از فکر دو جہاں آزاد دل بردا شتیم

نامۂ ایں ساز ہستی ساز گار خویشتن

ترجمہ غزل حافظ شیراز

دوش در حلقۂ ما قصۂ گیسوئے تو بود

رات محفل میں مری قصۂ گیسو تھا ترا   نصف شب حسن سلسلہ مو تھا ترا

دل کہ آغشتہ بخون خنجر مژگاں سے تھا   پردہ مشتاق کماں خانۂ ابرو تھا ترا

شکر صد شکر کہ لائی تو صبا تیرا پیام   ورنہ پر غیر رقیبوں سے سر کو تھا ترا

تھی نہ دنیا کو خبر شور دشمن خلق سے کچھ   فتنہ انگیز جہاں غمزۂ جادو تھا ترا

میں ہی سرگشتہ تھا اک اہل سلامت سے مگر   جال اک راہ میں ہاں طرۂ ہندو تھا ترا

کھول تو بند قبا تا کہ کھلے دل میرا   باعث عیش مرا راحت پہلو تھا ترا

قبر حافظ پہ گذر تجھ کو وفا کی سوگند

نزع میں دقت خیالات رخ و رو تھا ترا

مثنوی

بڑھاپے کے روشن و تاریک پہلو

پیری کا بیاں سنائیں تم کو
حالت اس کی بتائیں تم کو

سب نے فتویٰ دیا ہے یہ ہی
کہتے ہیں در فنا ہے پیری

ہوتا ہے حافظہ معطل
رہتی نہیں بات یاد اک پل

آنکھوں کا نور کم ہے ہوتا
انساں کو نہیں سوجھائی دیتا

کانوں پہ اگر بجائیے ڈھول
کھل جائے وہیں ڈھول کا پول

جب ثقل میں سامعہ ہو مستور
سننے میں کیوں نہ ہوگا مجبور

لذت مٹتی ہے ذائقہ کی
تھوڑی بھی غذا نہیں ہے پچتی

گردن ہوتی ہے ایک جھٹکا
ہے سر انسان کا ہلنے لگتا

تنفس ہوتا ہے اک خراب نکما
انسان کا دم ہے رکنے لگتا

اعصاب کی قوتیں ہیں گھٹتی
رعشے کی بھی بنا ہے پڑتی

دوڑے خون کیسے جسم بھر میں
طاقت رہتی نہیں جگر میں

کیلوس بہت ہی کم ہے بنتا
ہو جاتا ہے فتور معدہ

زائل ہوتی ہے قوت باہ
شیطاں کرتا ہے جس سے گمراہ

بوڑھے پر یہ مثل ہے پھبتی
سو عیب ہیں اور ایک پیری

لیکن اس طرح یہ بھی ہو کے
پیری کے بتاتا ہوں میں درجے

انسان کا جسم عنصری ہے
گھٹ بڑھ اس میں لگی ہوئی

گھٹ بڑھ کے اٹھیں لہریں جو عنصر — ہوں گے نہ وہ ذات پر موثر

پیری ہر شے پہ چھا رہی ہے — ہر شے ہے کہن بتا رہی ہے

کمزور ہی حافظہ سے اصلا — نقصاں نہیں علم میں پہ آتا

یہ حافظہ صرف مادی ہے — جھلی اک علم پہ پڑی سی ہے

تنہ رکھتی ہے جس طرح سے — ہے علم و روح ایک ہی شے

تعلیم جو بچپنے میں پا کر — دنیا کے تجربے اٹھا کر

ہوتا ہے پختہ مغز انساں — سنتا ہے وہ آپ اس کا فرماں

بینائی آنکھ سے ہو گو دور — رہتی ہے دل کی آنکھ پر نور

کانوں سے اگرچہ سن گیا ہے — دل کا تو ساز بج رہا ہے

جسکو جس حس سے جس نے جانا — رکھتی ہے اسے وہی توانا

معدوم ہیں سارے کھیل پہلے — رکھا ہوا کیا ہے ذائقہ میں

تسلیم کا سر ہے جھکنے لگتا — پہچانتا ہے جب اپنا آپا

قطعاً ہی الگ ہے روح اس سے — بنتے ہیں مادے کے جھگڑے

جس نے کچھ عمر پا کے جانا — کمزوری پہ بھی ہے توانا

ہیں معنی علم جان لینا — کشتی کو عمر کے ہے کھینا

آجائے گی جب سمجھ میں یہ تک — ممکن وہ نہیں کہ نیست ہوگی

کہتے ہیں جس کو ہم بڑھاپا — ہے اک نچوڑ زندگی کا

دنیا میں جو ہیں سر کھپاتے — کچھ تو وہ نتیجہ پر ہیں آتے

ہوتا ہے بھلا انہیں سے جگ کا — ہر ہر ریشہ ہر ایک رگ کا

دنیا کا ہے فیصلہ سراسر
بوڑھوں کا ادب ہے فرض پیسر

وہ جانچ کے بات مانتے ہیں
باقی سب خاک چھانتے ہیں

بوڑھے جو جہاں میں ہیں کہاتے
تعلیم انھیں سے سب ہیں پاتے

ان دونوں جہاں کا تماشا
دکھلاتا ہے فقط بڑھاپا

طفلی و جوانی و بڑھاپا
ان کا اک رہگذر ہے آیا

جس طرح چلیں ہوا کے جھونکے
ذات انساں پہ ہیں گذرتے

کوندھی چمکی فضا میں بجلی
حالت نہ بدل سکی فضا کی

ہے دھوپ کبھی کبھی ہے بادل
گاہے ماہے برس پڑے جل

سب کچھ ہوتا ہے اس میں کہرام
ان باتوں سے فضا کو کیا کام

دنیا کی حقیقتوں کا سودا
کرتا ہے جمع سب بڑھاپا

گذرے لہو و لعب میں بچپن
آیا جو شباب نکھرا جوبن

ان دونوں میں جو ہے کمانا
بڈھے پن میں ہے کام آنا

تعلیم جو نوجوان دیں گے
بوڑھوں کی کہی ہوئی کہیں گے

بچوں کو کہاں سے کیا ملا ہے
بوڑھوں کا سب کیا دھرا ہے

لیکن لڑکے جو ہیں سمجھتے
بیکار ہیں جیتے ہیں یہ بڈھے

ان کو سمجھائیں کہیے کیونکر
عقلوں پہ پڑے ہوں جن کے پتھر

تمثیلاً اک سنو کہانی
پیری انساں کی ہے جوانی

تھے اک شیخ الرئیس مشہور
علم طب میں وہ مثل فغفور

تھا فضل عمیم کبریائی
سو پر دس سال عمر پائی

تھا کہ امام طب کے تھے وہ — عالم اک مانتا تھا ان کو
وقت آخر جب اُن کا پہونچا — شاگردوں نے ان کے ان سے پوچھا
آثار یہ اب تمہارے ہیں — دنیا سے آپ جا رہے ہیں
دنیا میں رہے ہیں آپ سو برس[1] — کچھ دیجئے علم خاص کا درس
حضرت نے کہا میں کیا بتاؤں — اپنی تحقیق کیا سُناؤں
اک بار جو میں نے نبض دیکھی — کل عمر نہ پائی اس طرح کی
قدرت کے بہت عمیق ہیں راز — پاتے ہیں عمر پا کے مرتاض
چھٹتا ہے یہ اب جہان فانی — آغاز ہے جب مری جوانی
شاگردوں نے کہا کہ حضرت — گو آپ سے ہم کو ہے عقیدت
سو برس کے آپ ہو کے بڈھے — کہتے ہیں کہ میں جواں ہیں بیٹھے
بولے شیخ الرئیس ہنس کر — عقلوں پہ پڑے ہیں تمہاری پتھر
گذری وہ جو تھی گذشتہ دانی — ہے ظلم یہ میرے اب جوانی
کہتا ہوں سنو اور اک کہانی — بوڑھوں کی قوت عیانی
تھے بھیشم پتامہا جو ایک جودھا — کورو پانڈو کے تھے وہ دادا
لوہے کی طرح تھا جسم ان کا — سو برس سے عمر تھی زیادہ
کوئی نہ مقابل ان کے ٹھہرے — دنیا میں وہ ایسے جنگجو تھے
آگے ان کے ٹکے جوان کوئی — ایسا عالم میں تھا کہاں کوئی
بھیم اور دریودھن قوی تن — قوت جرأت کے تھے وہ مخزن
ارجن کرن اور درون سے بیر — دنیا کو کیا جنھوں نے تسخیر

[1] اردو بول چال میں برس بالتحریک ہے مگر صحیح ہندی لفظ بہ سکون اوسط ہے۔ آزاد

یہ ہشت گل اور سہ پہلو — تجھے دیو مثال یہ بھی ملے ایو
سینے میں بھیشم کے پڑے تھے — چھکے چھوٹے ہوئے کھڑے تھے
آگے ان کے فروغ پایا — سورج کو چراغ تھا دکھانا
تھی جسم میں ان کے بھی قوت — عالم کو تھی رہنمائے عبرت
سمجھے انسان اگر ہو دانا — پیری ہے کمائی کا خزانہ
تمثیلاً یہ لکھی کہاوت — بوڑھے پن کی بتائی عزت
اب آگے کہوں کہ اور کیا ہے — سب سے بوڑھا تو خود خدا ہے
اس کو انساں ضرور جانے — جھکتا ہے جہاں جس کے آگے

آزاد نے سر جھکا دیا ہے
اور طالبِ رحمتِ خدا ہے

تاریخ طبع خمخانہ از مولانا محمد ضامن صاحب کنتوری

چھپ کے تیار ہوگئی آخر | دیکھنا نظم دلکش آزاد
جذبات دلی کا آئینہ ہے | باصفا نظم دلکش آزاد
جسنے یہ نظم دیکھی اسنے کہا | واہ وا نظم دلکش آزاد
پھول اس باغ میں ہیں رنگارنگ | حبذا نظم دلکش آزاد
سنئے تاریخ طبع ضامن نے | کہدیا نظم دلکش آزاد

۱۳۵۷ھ

جناب رائے مہادیو پرشاد صاحب رفیق جاگیردار سرکار عالی

ہے کلام آزاد کا رفعت پناہ | اس کو وہ دیکھے جو ہو وحدت نگاہ
فرحت افزائے دل و جان رفیق | واہ ہے خمخانہ آزاد واہ

۱۳۴۸ ف

جناب رائے دامودر پرشاد صاحب جوہر منصبدار سرکار عالی

خزانہ معرفت حق کا تھا جو بیش بہا | عیاں وہ دہر میں حقیقت یہ صاف ہو کے رہا
جو دل سے سال اشاعت کو پوچھا جوہر نے | کلام ہو گیا طبع اب مرے خسر کا کہا

۱۳۴۸ ف

تاریخ از کرشن دیال صاحب ستم بموقع طبع "خمخانہ آزاد"

ہو گیا ہے طبع آزاد سخن گو کا کلام
جا نفز اسب نے یہ مژدہ بادل خنداں سنا
اے ستم تجھ سے اگر پوچھے نہ فصلی کوئی
اُس کو۔ عالی مرتبہ گلدستہ دیوان ۔ سنا

۱۲ ف ۸ھ

از جناب محمد علیم الدین صاحب صدیقی المتخلص بہ علیم تحصیلدار پائیگاہ

چھپ گیا آزاد کا دیوان اب
ہر طرف شور مبارک باد ہے
کون وہ آزاد جس کی فکر سے
خانہ شعر و سخن آباد ہے
کون وہ آزاد جس کی ہر گھڑی
طبع موزوں مائل ایجاد ہے
داد کے قابل ہے اسلوب بیاں
ڈھنگ بندش کا بھی جیا یاد ہے
کیوں پسندیدہ نہ ہو سارا کلام
آج اپنے رنگ کا استاد ہے
آگیا واللہ لطف شاعری
شاعروں کا دل نہایت شاد ہے
کہدے تو سال طباعت اے علیم
بے بدل خمخانہ آزاد ہے

۱۲ ھ ۵۷

طبعزاد حکیم رائے ویسرائے صاحب المتخلص بہ وہمی

آزاد سے ہے رونق میخانہ ادب
پر ہے مئے مضامیں سے پیمانہ ادب

دیوان ان کا شکر خدا طبع ہو گیا — جس پر نثار ہو گئے دیوانۂ ادب
اس کا ہر ایک لفظ ہے شمع تخیلات — اس کا ہر ایک نقطہ ہے پروانۂ ادب
وہبی سُنا دو مصرع تاریخ اس طرح — چرخِ کہن پہ ہے زمہ خمخانۂ ادب

۱۳ ف ۴۹

دیگر

آزاد کا دیوان جب فضلِ خدا سے چھپ گیا — کہنے لگے نقادِ فن گنجینۂ عرفاں ہے یہ
وہبی نے سالِ عیسوی طوطی کے لب سے یہ سُنا — خمخانۂ اہلِ ادب گلدستۂ دیواں ہے یہ

۱۹ ۶ ۴۸

جناب رائے دامودر پرشاد صاحب جوہر منصبدار سرکار عالی

جس کے تھے مداح شعرائے کبار — جس پہ ہوتے تھے ہر اک جی سے نثار
اس کا سالِ طبع اب جوہر لکھو — ہے کلامِ آزاد کا باغ و بہار

۱۳ ۵۰

حسب فرمائش و خواہش منجانب نور چشم راج کرن بلی طو لعمرہ

داد سخن ش کلام خواہد داد — بیند آنکس کہ او بود نقاد
ایں دعائے کہ ز صد قدل است — مظہرِ حق کلام بابا داد

۱۳ ۵۰

قطعہ تاریخ تولد دختر بہ نور چشم بلرام بلی

سالہا شد کہ جبینم سائید — کرد مقسوم خوشم چوں تائید
شکرِ خلاق کہ بلرام ترا — دخترے ماہ جبینے زائید

۱۳ ۵۸

گ - خ ۸۹۱٫۴۳۱۵

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائے گا۔

۲۲۲۵

٨٩١٤٢٣١٥ گ - 2

گورنمنٹ ملی آزاد

ضمیمہ

کتب خانہ

جامعہ عثمانیہ

۱۔ اراکین مجلس اعلیٰ، مجلس رفقا، مجلس انتظامی، مجالس تعلیمات و نصاب بیک وقت پانچ کتابیں ایک ماہ کے لیے اپنے پاس رکھ سکیں گے۔

۲۔ اساتذۂ جامعہ عثمانیہ و کلیات ملحقہ و دیگر عہدہ داران جامعہ اور اراکین دار الترجمہ دو کتابیں ایک ماہ تک اپنے پاس رکھ سکیں گے۔

۳۔ طلبائے ایم۔ اے، ایل ایل۔ بی و جماعت ... دو کتابیں ... اپنے پاس رکھ سکیں گے ... [illegible]

۴۔ مدت مقررہ پر کتابیں واپس نہ ہوں تو طلب ... ایک آنہ یومیہ ... [illegible]

۵۔ ... کتاب ... [illegible]

۶۔ کتابوں پر کسی قسم کا نشان ... [illegible]

۷۔ قلمی نسخے ... جاری نہیں کیے جائیں گے فقط